# مظلوم کےحقوق کا خُلاصہ

## 1. سمجھنےکےقابل ہونا اورآپ کوسمجھا جانا

آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کوکسی ایسے طریقے سے معلومات مہیا کی جائیں جوسمجھنےمیں آسان ہواورآپ کو سمجھےجانے کےحوالےسےمدد مہیا کی جائے، بشمول، جہاں ضروری ہو،وضاحت اورترجمہ کرنے کی خدمات تک رسائی کے۔

## 2. جُرم کی تفصیلات کا اندراج کسی بلا جواز تاخیرکےبغیرکیا جائے۔

آپ کو حق حاصل ہے کہ واقعہ کے بعد جتنا جلد ممکن ہو پولیس کی طرف سے جُرم کی تفصیلات کا اندراج کروائیں۔ اگرآپ کےلئےضروری ہوکہ ایک شہادتی بیان مہیا کریں یا آپ کا انٹرویو کیا جائے، تواس عمل سےگزرنے میں معاونت کےلئےآپ کوحق حاصل ہےکہ آپ کو اضافی تعاون مہیا کیا جائے۔

## 3. جُرم کی اطلاع دیتےوقت معلومات مُہیا کئےجانےکا۔

آپ کوحق حاصل ہےکہ کسی جُرم کی اطلاع دیتےوقت تحریری تصدیق وصول کریں، آپ کو فوجداری انصاف کےعمل کے بارےمیں معلومات مہیا کی جائیں اورآپ کومظلومان کےلئےپروگراموں یا خدمات کےبارےمیں بتایا جائے۔ اس میں ایسی خدمات شامل ہوسکتی ہیں جن میں آپ مشتبہ یا مُجرم سے ملتےہیں، جن کو بحال کنندہ انصاف (ریسٹوریٹیو جسٹس) کے طورپر جانا جاتا ہے۔

## 4. آپ کو ایسی خدمات کی طرف ریفرکیا جائے جومظلومان کوتعاون مہیا کرتی ہیں اورآپ کی ضروریات کے مطابق تیارشدہ خدمات اورتعاون رکھتی ہیں۔

آپ کو حق حاصل ہےکہ آپ کو ایسی خدمات کی طرف ریفرکیا جائے جو مظلومان کو تعاون مہیا کرتی ہیں جن میں اُن سے براہ راسطہ رابطے کرنے کا حق اورآپ کی ضروریات کی تشخیص کئےجانا شامل ہےتاکہ خدمات اورتعاون کوآپ کی ضروریات کو پورا کرنےکے تیار کیا جاسکے۔ اگراہل ہوں، توآپ کوخصوصی تعاون کی کسی خدمات کی طرف ریفرکئے جانے کی پیشکش کئےجانے کا حق حاصل ہےاورعدالت میں دستیاب اضافی تعاون کے بارےمیں بتائےجانےکا، مثال کے طورپرخصوصی اقدامات۔

## 5. آپ کومعاوضے کے بارےمیں معلومات مہیا کئے جانے کا۔

جہاں آپ اہل ہوں، آپ کواس بارےمیں بتائے جانے کا حق حاصل ہے کہ جُرم کے نتیجے میں ہونے والےکسی خسارے، نقصان یا چوٹ کےلئےمعاوضے کا دعو'ی کیسے کرنا ہے۔

## 6. تفتیش اوراستغاثہ کےبارےمیں معلومات مہیا کئےجانےکا

آپ کو حق حاصل ہےکہ آپ کوآپ کےمقدمےکے بارےمیں تازہ ترین معلومات مُہیا کی جائیں اوراہم فیصلے کئے جانےکے وقت آپ کو بتایا جائے۔ اس کے علاوہ آپ کویہ حق بھی حاصل ہے، کہ انصاف کے عمل کےمختلف مراحل پر، آپ خدمات کے متعلقہ مہیا کنندہ کی طرف سے فیصلوں پردوبارہ نظرڈالنےکےلئےکہیں۔

## 7. مظلوم کا ذاتی بیان دینےکا

آپ کومظلوم کا ذاتی بیان دینے کا حق حاصل ہے، جو عدالت کو بتاتا ہے کہ جُرم نے آپ کو کیسے متاثر کیا ہےاوراس پرتب غورکیا جاتا ہے جب مُجرم کو سزا دی جارہی ہوتی ہے۔ آپ کو عمل کے بارے میں معلومات مہیا کی جائیں گی۔

## 8. مقدمے، مقدمے کے عمل اورگواہ کے طورپر آپ کےکردارکےبارےمیں معلومات مُہیا کئے جانےکا

اگرآپ کا مقدمہ عدالت میں جاتا ہے، توآپ کوکسی سماعت کےوقت، تاریخ اورمقام اوراُن سماعات کےنتیجے کے بارےمیں بروقت انداز میں بتائے جانے کا حق حاصل ہے۔ اگرآپ کی طرف سے گواہی دئیےجانا ضروری ہے، توآپ کو مقدمےسےپہلےموزوں مدد کی پیشکش کئے جانےاور، جہاں ممکن ہو، اگرعدالت اجازت دیتی ہے، شہادت دینے سے پہلے استغاثہ سےملنے کی پیشکش کئےجانےکا حق حاصل ہے۔

## 9. مقدمےاورکسی اپیلوں کے نتیجے کے بارےمیں معلومات مُہیا کئےجانےکا

آپ کوحق حاصل ہے کہ آپ کومقدمےکےنتیجےکےبارےمیں بتایا جائےاور، اگرمُدعاعلیہ کو سزا دی جاتی ہے، توسزا کی وضاحت مہیا کئےجانےکا۔ اگرمُجرم اپنی سزا دہی یا سزا کےخلاف اپیل دائر کرتا ہے، توآپ کو اپیل اوراس کےنتیجےکےبارےمیں بتائے جانے کا حق حاصل ہے۔

## 10. آپ کو اخراجات ادا کئےجانےاورکوئی ملکیتی اشیاء واپس کئےجانےکا

اگرآپ کےلئے عدالت میں حاضر ہونا اور گواہی دینا ضروری ہے، توآپ کوبعض اخراجات کا دعو'ی کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگرآپ کی کوئی ملکیتی شہ ثبوت کے طورپرلی گئی تھی ، توآپ کواُسے جتنا جلد ممکن ہوسکے واپس لینےکا حق حاصل ہے۔

### 11. کسی سزا دہی کے بعد مُجرم کےبارےمیں معلومات مُہیا کئے جانےکا۔

جہاں اہل ہوں، آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کوخودبخود وکٹم کانٹیکٹ اسکیم کی طرف ریفر کیا جائے، جوآپ کومُجرم اورجیل میں اُس کی ترقی کےبارےمیں معلومات مہیا کرےگی، اوراگر/جب وہ پیرول یا رہائی کےلئے زیرغورلائے جانےکےاہل ہوتےہیں۔ جہاں قابل اطلاق ہو، آپ کو مظلوم کا نیا ذاتی بیان دینے کا حق بھی حاصل ہے، جس میں آپ بتا سکتےہیں کہ جُرم کیسے آپ کو متاثر کرنا جاری رکھے ہوئےہے۔

### 12. اس بارےمیں شکایت کرنا کہ آپ کے حقوق کو پورا نہیں کیا جارہا

اگرآپ سمجھتےہیں کہ آپ کو اپنے پورے حقوق نہیں ملے، توآپ کوخدمت کے متعلقہ مہیا کنندہ کو شکایت کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگرآپ پھر بھی ناخوش رہتےہیں، توآپ پارلیمینٹری اینڈ ہیلتھ سروس محتسب (اومبڈسمن) سے رابطہ کرسکتےہیں۔

## تعارف

### مظلوم کا کوڈ کیا ہے؟

جُرم کے شکارمظلومین کےلئے کوڈ آف پریکٹس[فُٹ نوٹ 1] (وکٹمزکوڈ) سروسز کو اور اُنکی خدمات کےلئے ایک کم ازکم معیارکو بیان کرتا ہےجو انگلینڈ اور ویلز میں لازمی طور پراداروں (جن کا حوالہ خدمت کے مہیا کنندگان کے طورپر دیا جاتا ہے) کی طرف سے جُرم کے شکار افراد کو مہیا کیا جانا چاہیے۔

### اس کوڈ کےتحت 'مظلوم' کون ہے؟

یہ کوڈ تسلیم کرتا ہےکہ اصطلاحات 'شکایت' اور'بچ جانےوالے کو اکثرفوجداری نظام انصاف میں کسی ایسے شخص کو بیان کرنےکےلئے استعمال کیا جاتا ہےجس نے پولیس پر کوئی فوجداری الزام عائد کیا ہو۔ تاہم، کوڈ کے مقصد کے لئے کسی 'مظلوم' کی تشریح یہ ہے:

- کوئی شخص[فٹ نوٹ 2] جو ضررکا شکار ہوا ہے، بشمول جسمانی، ذہنی یا جذباتی ضرریا مالی نقصان جس کی وجہ براہ راست طورپرکوئی فوجداری جُرم تھا۔[فٹ نوٹ 3]
- کوئی قریبی رشتہ دار[فٹ نوٹ 4] (یا خاندان کا کوئی نامزد کردہ ترجمان)، کسی ایسےشخص کا جس کی موت کی وجہ براہ راست طورپر کوئی فوجداری جُرم تھا۔

اس کے علاوہ آپ اس کوڈ کے تحت حقوق وصول کرسکتےہیں اگرآپ ہیں:

- مظلوم کےپیئرنٹ یا گارڈین اگرمظلوم کی عمر18 سال سے کم ہے [فٹ نوٹ 5] یا
- خاندان کا کوئی نامزد کردہ ترجمان اگرمظلوم کوئی ذہنی کمزوری رکھتا ہےیا وہ کسی فوجداری جُرم کی وجہ سےاتنا بُری طرح زخمی ہوا ہےکہ وہ ابلاغ کرنےکےقابل نہیں ہےیا ایسا کرنے کی صلاحیت کی کمی کا شکار ہے۔

خدمت کے تمام مہیا کنندگان کو لازمی طورپرمظلوم کےبہترین مفادات کواپنے ابتدائی غور کے طورپرمدنظررکھنا چاہیےاورمظلوم کی عُمر، بلوغت، آراء، ضروریات اورخدشات کو مکمل طورپر مدنظررکھنا چاہیے۔

## آپ پرکن حقوق کا اطلاق ہوگا؟

اس بات کا انحصار کہ آپ پر کون سے حقوق کا اطلاق ہوگا اس بات پر ہےکہ کیا جُرم کی اطلاع پولیس کو دی جاتی ہے، کیا مقدمہ عدالت میں جاتا ہے، اورکیا مدعاعلیہ کو سزا دی جاتی ہے، بمع آپ کی ذاتی ضروریات اورحالات کے۔ حقوق 1، 4 اور 12 کا اطلاق تمام مظلومین پرہوتا ہے۔ بقیہ حقوق صرف تب لاگوہوتےہیں جہاں کسی جُرم کی پولیس کو اطلاع دی جاچُکی ہو۔ خدمت کا متعلقہ مُہیا کنندہ آپ کو بتائے گا کہ آپ پر کن حقوق کا اطلاع ہوتا ہے۔

## میں کیسا سلوک کئے جانے کی توقع کرسکتا ہوں؟

آپ کو حق حاصل ہے کہ:

- آپ کے ساتھ احترام، وقار، حساسیت، ہمدردی اوررحمدلی کا برتاؤ کیا جائے؛
- آپ باخبرانتخابات کریں جن کا مکمل طورپر احترام کیا جائے؛
- آپ کی خلوت (پرائیویسی) کا خدمت کے مہیاکنندگان کی طرف سے احترام کیا جائے، متعلقہ پرائیویسی اور ڈیٹا پروٹیکشن قوانین کےتحت اُن کی ذمہ داریوں کےمطابق؛ اور
- آپ اورآپ کے خاندان کی معاونت کےلئےخدمات مہیا کی جائیں تاکہ آپ فوجداری انصاف کے طریقہ کارکوسمجھ سکیں اور اس میں شامل ہوسکیں اوریہ خدمات ایک پیشہ ورانہ انداز میں مہیا کی جائیں، کسی قسم کی تفریق کے بغیر۔

## گواہان کے لئے تعاون

اگرآپ ضررکا شکار ہوئے ہیں، بشمول جسمانی، ذہنی یا جذباتی ضرر یا مالی نقصان کے، کسی جُرم کا مشاہدہ کرنےکےنتیجے میں، توآپ اس کوڈ کے مقاصد کےلئےجُرم کا شکارشخص ہیں اور آپ اُن خدمات تک رسائی کرسکتےہیں جو مظلومین کوتعاون مہیا کرتی ہیں۔ آپ کےلئےضروری نہیں ہےکہ آپ کوئی بیان دے چُکے ہوں یا پولیس کی طرف سےآپ کا انٹرویو کیا جاچُکا ہو، یا ایک گواہ کے طورپرآپ کا عدالت میں حاضرہونا ضروری ہو۔

دیگرتمام گواہان وٹنس چارٹر کےتحت مُہیا کی جانےوالی خدمات تک رسائی کرسکتےہیں[فٹ نوٹ 6]بجائے اس کوڈ کےتحت۔

## رہائشی حیثیت

آپ کو اپنی رہائشی حیثیت کی پرواہ کئے بغیراس کوڈ کےتحت خدمات کا حق حاصل ہے۔ تاہم، اگرجُرم کا ارتکاب انگلینڈ یا ویلزمیں ہوا تھا، لیکن آپ کسی اورجگہ رہتےہیں، توآپ کووہاں کی سپورٹ سروسز تک رسائی کرنا چاہیے جہاں آپ رہتےہیں۔ اگرآپ کےلئے انگلینڈ یا ویلز میں کسی عدالت میں گواہی دینا ضروری ہے، توآپ اُس دوران میں امدادی خدمات (سپورٹ سروسز) تک رسائی کرنےکےقابل ہونگے جس دوران میں آپ انگلینڈ یا ویلز میں ہیں۔

## وہ خاندان جو بیرون مُلک قتل یا بلاارادہ قتل کی وجہ [فٹ نوٹ 7] سوگ کی حالت میں ہیں

وہ خاندان جو کسی برطانوی شہری کےبرطانیہ سے باہرقتل یا بلا ارادہ قتل کی وجہ سے سوگ کی حالت میں ہیں، اُنہیں فارن، کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس سے رابطہ کرنا چاہیے۔ وہ اُس مُلک میں تعاون اور طریقہ کارکےبارےمیں معلومات مہیا کرتےہیں جہاں واقعہ پیش آیا ہے، بشمول متوفی کی میت کی وطن واپسی کے۔ وہ متوفی کے خاندان کو خصوصی تعاون کی خدمات کی طرف ریفر کرنےکے قابل بھی ہوسکتےہیں۔ مزید معلومات اس نمبر پرکال کرنےسے دستیاب ہیں: 020 7008 5000[فٹ نوٹ 8] یا یہاں پر: [قتل یا غیرارادی قتل کےذریعے بیرون مُلک وفات]

فارن، کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس، پولیس اورانگلینڈ اورویلز میں کورونرز کےکردار کی وضاحت میں مدد کےلئے ایک میمورینڈم آف انڈراسٹینڈنگ موجود ہے، جب کوئی برطانوی شہری بیرون مُلک قتل، بلا ارادہ قتل یا طفل کشی کا شکار ہوتا ہے۔ میمورینڈم متوفی اور اُس کے خاندان دونوں پر مرکوز ہوتا ہےاوروضاحت کرتا ہےکہ کس قسم کا تعاون دستیاب ہے۔

## میں کیسے یقینی بناسکتا ہوں کہ مجھے بہترین خدمت ملے؟

خدمت کے مُہیا کنندگان اُن مختلف افراد کی تعداد کو کم ازکم کرنے کی کوشش کریں گےجن سے مقدمےکےدوران آپ کا رابطہ ہوتا ہے، اورجہاں ممکن ہو، آپ کو معلومات کےلئے رابطے کے ایک واحد مقام کی پیشکش کریں گے۔ اس کوڈ کے تحت آپ کےحقوق کی فراہمی میں معاونت کےلئے، آپ کو چاہیے:

- اُنہیں آگاہ کریں اگرآپ کی رابطے کی تفصیلات یا ترجیحات تبدیل ہوتی ہیں
- اُنہیں سوالات پوچھیں اگرآپ اپنے مقدمے یا فوجداری انصاف کے عمل سےمتعلقہ کسی بھی چیزکے بارےمیں بے یقینی کا شکار ہیں ، اور

- خدمت کے مُہیا کنندگان کوسروسز کے بارےمیں اپنی آراء مہیا کریں جو وہ آپ کومہیا کررہےہیں تاکہ اُنہیں اعلیٰ معیار کی خدمت مہیا کرنےاورضرورت کےمطابق بنانے میں مدد مل سکے۔

## ایسی صورت میں کیا اگرمیں اس کوڈ کے تحت پیشکش کئےگئے حقوق وصول نہیں کرنا چاہتا؟

آپ اس بات کا فیصلہ کرسکتےہیں کہ آپ اس کوڈ کےتحت کچھ یا تمام حقوق نہیں چاہتے۔ آپ کو اس پر خدمت کے متعلقہ مُہیا کننده کےساتھ بات چیت کرنا چاہیے۔

اس کوڈ کےتحت آپ کسی بھی وقت دوبارہ حقوق وصول کرنے کا انتخاب کرسکتےہیں جب مقدمہ فعال تفتیش کےتحت ہو، یا عدالتی کاروائی میں ہو، یا جس دوران میں مُجرم اپنی سزا گزار رہا ہو۔ اس کا اطلاق نمٹنے میں آپ کی مدد کےلئے تعاون تک رسائی کےحق پر نہیں ہوتا، اورجہاں تک ممکن ہو، جُرم کا شکارہونےسےبحالی پر۔

یہ حق اس بات کی پرواہ کئے بغیردستیاب ہے کہ چاہے کسی پر کسی فوجداری جُرم کا الزام عائد کیا گیا ہے، اُسے سزا دی گئی ہے، اور اس بات کی پرواہ کئے بغیرکہ چاہےآپ پولیس کو جُرم کی اطلاع دینے کا فیصلہ کرتےہیں یا آپ تفتیش میں تعاون نہیں کرنا چاہتے۔

## آپ کو محفوظ کئے جانے کا حق

آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کو تفتیش اور عدالتی کاروائیوں کےدوران دوبارہ شکاربنائےجانے، خوفزدہ کئےجانےاورواپسی نقصان پہنچائے جانے سےمحفوظ رکھا جائے۔ اگرآپ اپنے فوری تحفظ کےبارےمیں پُرتشویش ہیں، توآپ کو پولیس سے اس نمبر پررابطہ کرنا چاہیے: 999

ایسی ناگہانی صورت میں کہ مشتبہ (مقدمے سے پیشتر) یا مُجرم (سزا دہی کےبعد) حراست سے فرار ہوجاتا ہے ، توپولیس آپ سے رابطہ کرےگی۔ اگریہ جانچ کی جاتی ہے کہ مشتبہ یا مُجرم آپ کےلئے اہم خطرے کا باعث ہے، تووہ آپ کے جاری تحفظ کو یقینی بنانےکےلئے کوئی ضروری اقدامات کریں گے۔

اگرآپ کےساتھ جیل میں موجود کسی مُجرم کی طرف سےآپ کی مرضی کےبغیررابطہ کیا جارہا ہے، توآپ کویہاں موجود ہرمیجسٹیز پرزن اینڈ پروبیشن سروس وکٹم ہیلپ لائن سے رابطہ کرنا چاہیے[فٹ نوٹ 9] : 0300 060 669910 یا ای میل کریں: victim.helpline@justice.gov.uk

اگرآپ کےساتھ کسی ایسے مُجرم کی طرف سےآپ کی مرضی کےبغیررابطہ کیا جاتا ہےجومعاشرے میں لائسنس پرہے، توآپ پولیس سے رابطہ کرسکتےہیں یا اگرآپ کا کوئی وکٹم لائیزان افسر ہےتواُس سے رابطہ کریں۔ اگرمُجرم 18 سال سے کم عمرہے، توآپ اپنی مرضی کےبغیرکسی رابطے کی اطلاع پولیس کو دے سکتےہیں، لیکن اگرآپ جانتےہیں کہ اُس کی نگرانی کسی یوتھ افینڈنگ ٹیم کی طرف سے کی جارہی ہےتو، ہوسکتا ہےآپ ٹیم سے براہ راست رابطہ کرنا چاہیں۔ یوتھ افینڈنگ ٹیمز سے رابطے کی تفصیلات یہاں دستیاب ہیں:www.gov.uk/government/collections/youth-offending-team-contact-details

## اس کوڈ کےتحت مہیا کی جانے والی معلومات

خدمت کے مہیا کنندگان کو لازمی طورپر کوڈ کےبارےمیں معلومات اپنی ویب سائٹ پرشامل کرنی چاہیے۔ ان معلومات کو لازمی طورپر مظلومین کی یہاں پرمتعلقہ صفحات تک رہنمائی کرنا چاہیے: GOV.UK

جہاں اس کوڈ کےتحت معلومات کا اشتراک کرنا ضروری ہو، خدمت کےمہیا کنندگان کو یہ لازمی طورپرمؤثرطورپراورڈیٹاپروٹیکشن ایکٹ اورجنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن 2018 اوردیگرمتعلقہ قانون سازی کےتحت اپنی ذمہ داریوں کےمطابق کرنا چاہیے۔

جہاں مقدمے میں مظلومین کی ایک بلند تعداد ملوث ہو، جیسا کہ مختلف سرمایہ کار مظلومین کےساتھ بڑے پیمانے کی سرمایہ کاری کے فراڈ، یا دیگر غیرمعمولی مقدمات میں، تو خدمت کا مہیا کنندہ معلومات کا ابلاغ کرسکتا ہے[فٹ نوٹ 10] کہ کوئی مظلوم اس کوڈ کےتحت حق رکھتا ہے، اس کوڈ کےتحت، مختلف چینلزکےذریعے، جیسا کہ اُن کی ویب سائٹ، بجائےہرمظلوم کےساتھ انفرادی طورپر رابطہ کرنے کے۔

اس کوڈ میں کچھ بھی ایسا نہیں ہےجو خدمت کےمہیا کنندہ سےتقاضہ کرتا ہوکہ وہ مظلوم کو معلومات مہیا کرے جہاں اس کے انکشاف:

- کا نتیجہ کسی شخص کوضرر پہنچنےکی صورت میں نکل سکتا ہے
- کسی فوجداری تفتیش یا عدالتی کاروائی کومناسب طورپرنمٹائے جانےکو متاثر کرسکتا ہے، یا بصورت دیگرکسی دیوانی یا فوجداری مقدمے، یا پیرول کی کاروائیوں میں تعصب کا باعث ہوسکتا ہے، یا
- خدمت کے مہیا کنندہ کی رائے میں، قومی تحفظ کےمفادات کےبرخلاف ہوگا۔

## کیا ہوگا اگرمُجھ سے میڈیا کی طرف سے رابطہ کیا جاتا ہے؟

عام طورپر، صحافی حاضر ہوتےہیں اورعدالت میں واقع ہونے والے واقعات کی اطلاع دیتےہیں۔ بعض اوقات میڈیا مقدمے میں دلچسپی لے سکتا ہےاور تبصرےکےلئے آپ/یا آپ کےخاندان تک رسائی کرسکتا ہے۔ اُن سے بات کرنا ضروری نہیں ہے۔ تاہم، آپ کو احتیاط سے کام لینا چاہیےکہ آپ کچھ ایسا نہ کریں جومقدمےکےنتیجےپرغیرمنصفانہ طورپر اثراندازہو اورتوہین عدالت کی حد میں نہ آتا ہو[فٹ نوٹ 11]

اگرآپ کوئی خدشات رکھتےہیں یا کچھ مشورہ حاصل کرنا چاہتےہیں، توآپ پولیس یا وکٹم سپورٹ مہیا کنندہ سے بات کرسکتےہیں۔ متبادل طورپر، آپ انڈی پینڈنٹ پریس اسٹینڈرڈز سے رابطہ کرسکتےہیںجو آپ کےخدشات کے بارےمیں آپ سے بات کریں گےاور عملی مشورہ اور رہنمائی دیں گے۔

## طبی تعاون تک رسائی

اگرآپ کسی جُرم کا شکار رہےہیں اوراُس کےنتیجے میں کوئی جسمانی یا ذہنی صحت کی ضرورت رکھتےہیں، توآپ نیشنل ہیلتھ سروس کی خدمات تک رسائی کرسکتےہیں۔ ان سروسز تک رسائی کےلئے ضروری نہیں کہ آپ نےپولیس کوکسی جُرم کی اطلاع دی ہو۔

اگرکوئی سنگین طورپربیمارہےیا زخمی ہوا ہےاوراُس کی زندگی خطرے میں ہے، توہنگامی خدمات کو اس نمبر پرکال کریں: 999 اگرہنگامی صورتحال زندگی کےلئے خطرناک نہیں ہےتوایسے متعدد اختیارات ہیں جن کا آپ استعمال کرسکتےہیں۔ آپ یہ کرسکتےہیں:

- (نیشنل ہیلتھ سروس انگلینڈ) کو 111 پریا (نیشنل ہیلتھ سروس ویلز) کو 0845 46 47 پرفون کریں جو غیرہنگامی طبی ہیلپ لائن ہے؛
- اپنے مقامی نیشنل ہیلتھ سروس واک ان سنٹریا مقامی ارجنٹ کیئرسنٹر/مائنرانجریزیونٹ پرجائیں یا اپنے مقامی ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی (اے اینڈ ای) سروس ڈیپارٹمنٹ پر جائیں؛
- اپنےجنرل پریکٹشنرسے ملاقات کریں یا اُسے کال کریں، جوآپ کو کسی خصوصی خدمات کی طرف ریفر کرسکتا ہے بشمول مینٹل ہیلتھ سپورٹ کے؛ یا
- کسی فارماسسٹ سے بات کریں۔

نیشنل ہیلتھ سروسز کے بارےمیں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں www.nhs.uk یا www.wales.nhs.ukپر، یا اس نمبر پر کال کرنےسے: 111/0845 46 47(انگلینڈ/ویلز) یا اپنےجنرل پریکٹشنرسے ملاقات کرنےسے۔

پولیس کی طرف سے ریفرکئےجانےسمیت، آپ خود بھی اپنےآپ کوکسی سیکسوئیل اسالٹ ریفرل سنٹر کی طرف ریفر کرسکتےہیں[فٹ نوٹ 12]۔ یہ سنٹرز خصوصی طورپرتربیت یافتہ ماہرین رکھتےہیں جوآپ کو جسمانی اورذہنی صحت دونوں کےحوالےسےتعاون مہیا کرسکتےہیں اگرآپ کو عصمت دری یا جنسی حملے کا تجربہ ہوا ہے، اس بات کی پرواہ کئے بغیرکہ کیا آپ نےجُرم کی اطلاع پولیس کو دینےکا انتخاب کیا ہے یا نہیں۔

آپ نفسیاتی اورجذباتی کاؤنسلنگ اورمعالجاتی رسائیوں کےایک وسیع سلسلےتک بھی رسائی کرسکتےہیں جو مقامات کےایک وسیع سلسلے میں مہیا کیا جاتا ہے، مثال کےطورپر، نیشنل ہیلتھ سروس، رضاکارانہ سیکٹرایجنسیز یا پرائیوٹ پریکٹس پر۔ اگرآپ عام طورپر برطانیہ میں نہیں رہتے، توآپ کونوٹ کرنا چاہیےکہ صحت کی کچھ خدمات کےلئے ادائیگی نہیں کرنا پڑتی، جیسا کہ ابتدائی دیکھ بھال کی خدمات؛ تشدد سےسامنےآنے والی جسمانی یا ذہنی حالت، زنانہ جنسی اعضاء کی کاٹ چھانٹ، گھریلو تشدد، جنسی تشدد یا اگرآپ کوجدید غلامی یا انسانی اسمگلنگ کا شکار قرار دیا جاتا ہے۔ مزید تفصیلات یہاں دستیاب ہیں: www.gov.uk/guidance/nhs-entitlements-migrant-health-guide

## کورونرز

اس کوڈ کےتحت کورونرزسروس کے مہیاکنندگان کے طورپر شامل نہیں ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہےکہ تحقیقات فوجداری کاروائیاں نہیں ہوتیں اورکسی عزیز کوکھونےوالا خاندان پہلے ہی تحقیقات میں دلچسپی رکھنےوالے شخص کی حیثیت رکھتےہیں جواُنہیں بعض قانونی حقوق دیتا ہے۔ اس میں گواہان سےمتعلقہ سوالات پوچھنےکا حق اور دستاویزات کا انکشاف اوردیگر شہادت شامل ہے۔ کسی جُرم کےشکار کسی شخص کاسوگ منانے والے خاندانی اراکین جوتحقیقات میں ملوث ہیں، اُنہیں اس کےبجائے یہاں سوگ منانےوالےافراد کےلئےکورونرز کی تحقیقات پررہنمائی دیکھنی چاہیے جو یہاں دستیاب ہے: www.gov.uk/government/publications/guide-to-coroner-services-andcoroner-investigations-a-short-guide

## اس کوڈ کےتحت حقوق پورا کرنےکےلئےکون ذمہ دارہے؟

مندرجہ ذیل اداروں کےلئے ضروری ہےکہ وہ اس کوڈ کےتحت حقوق فراہم کریں:

- پولیس اورکرائم کمشنرز
- انگلینڈ اورویلز کی تمام پولیس فورسز، برٹش ٹرانسپورٹ پولیس اورمنسٹری آف ڈیفینس پولیس
- پولیس وٹنس کیئریونٹس[فٹ نوٹ 13]

- کراؤن پراسیکیوشن سروس
- ہرمیجسٹیزکورٹس اینڈ ٹربیونلز سروس
- ہرمیجسٹیز پرزن اینڈ پروبیشن  سروس
- نیشنل پروبیشن سروس
- پیرول بورڈ فارانگلینڈ اینڈ ویلز
- کریمینل کیسز ریویو کمیشن
- کریمینل کیسزانجریزکمپینسیشن اتھارٹی
- برطانوی سُپریم کورٹ
- یوتھ افینڈنگ ٹیمز

اس کوڈ کے تحت مظلومین میں سے کُچھ اپنےحقوق خدمت کے مندرجہ بالا مہیا کنندگان کےامتزاج اورخدمات کےدیگر مہیا کنندگان کےذریعے وصول کریں گے، بشمول:

- کمپیٹیشن اینڈ مارکیٹس اتھارٹی
- ڈیپارٹمنٹ فار بزنس، انرجی اینڈ انڈسٹریل سٹریٹجی (کریمینل انفورسمنٹ)
- انوائرمنٹ ایجنسی
- فائنانشل کنڈکٹ اتھارٹی
- گیمبلنگ کمیشن
- ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹیو
- ہرمیجسٹیز ریونیو اینڈ کسٹمز
- ہوم آفس (امیگریشن انفورسمنٹ)
- انفارمیشن کمشنرز آفس
- انڈی پینڈنٹ آفس فارپولیس کنڈکٹ
- نیشنل کرائم ایجنسی
- نیشنل ہیلتھ سروس
- نیچرل ریسورسز ویلز
- آفس فار ریل اینڈ روڈ
- سیریس فراڈ آفس

خدمات کےدیگرمہیا کنندگان کا بھی جرائم کی تفتیش اور/یا قانونی کاروائی کےحوالےسے کردار ہوسکتا ہے۔[فُٹ نوٹ 14] تاہم، پولیس اورکراؤن پراسیکیوشن کےبرعکس جوجرائم کی تفتیش اورقانونی کاروائی کےلئے ایک وسیع دائرہ اختیار رکھتےہیں، خدمات کے یہ مہیا کنندگان ایسےمخصوص جرائم کی تفتیش اورقانونی کاروائی
کےحوالےسےمحدود ہوتےہیں جن کا ارتکاب بعض مخصوص حالات میں کیا گیا ہو۔ وہ اُس طریقے، تعدد کو طے کریں گےجس کےساتھ، وہ مظلومین کےساتھ رابطے میں آتےہیں۔

اس کوڈ میں حقوق کا اطلاع صرف تب ہوتا ہےجب خدمات کےدیگر مہیا کنندگان (جیسا کہ وہ جومندرجہ بالا میں درج فہرست کئےگئےہیں) باقاعدہ طورپر کسی فوجداری تفتیش کےانعقاد کےلئےذمہ داری قبول کرتےہیں یا کاروائی کرنےکےلئے فیصلہ کرنےکی ذمہ داری قبول کرتےہیں۔ تاہم خدمت کےدیگرمہیا کنندگان کی طرف سے مکمل  کی گئی تمام کاروائیاں اُن سے ملتی جُلتی ہیں جن کوپولیس اور کراؤن پراسیکیوشن سروس کی طرف سےسرانجام دیا جاتا ہے۔ جہاں افعال کارگزاری اس کوڈ کےتحت خدمت کےکسی مہیاکنندہ کےمساوی ہوں(مثال کےطورپرخدمت کا دوسرا مہیا کنندہ ایک مبینہ جُرم کی تفتیش کررہا ہو یا اُس پرقانونی کاروائی کررہا ہو)، توبلاجواز تاخیرکےبغیر لازمی طور پروہی حقوق فراہم کرنے چاہیئں، اس بات کی پرواہ کئے بغیرکہ کیا خدمت کا دوسرا مہیا کنندہ مندرجہ بالا میں درج فہرست ہے۔

### پولیس اورکرائم کمشنرزکا کردار

پولیس اورکرائم کمشنرزکومحفوظ پُرصلاحیت اورمؤثرپولیسنگ کےلئے مقامی طورپر منتخب کیا جاتا ہے۔ وہ اُن کےعلاقےمیں پولیسنگ کی ترجیحات کو مقررکرنے میں مظلومان کےساتھ مشاورت کرنےاوراُن کے علاقےمیں چیف کانسٹیبل کوجوابدہ ٹھہرانے کی قانونی ذمہ داری رکھتےہیں۔ وہ خدمات میں سے بہت سی خدمات کوتفویض کرنےکےذمہ دارہیں جومظلومین کوتعاون مہیا کرتی ہیں اورجن کا اس کوڈ میں خاکہ کیا گیا ہے۔

### کمشنرفاروکٹمزاینڈ وٹنیسز(وکٹمزکمشنر) کا کردار

وکٹمز کمشنرکو اس کوڈ کےتحت خدمت کے مہیا کنندہ کےطورپردرج فہرست نہیں کیا گیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کمشنراس کوڈ کو باقاعدگی کےساتھ زیرنظرثانی رکھنے کی قانونی ذمہ داری رکھتا ہے۔ یہ کمشنرکےکردار کا حصہ ہے کہ وہ مظلومین کی آراء سُنے،مظلوم کے نقطہ نظر سے فوجداری نظام انصاف کو سمجھےاورکوشش کرے کہ دستیاب خدمات اورتعاون کو بہتر بنانے میں مدد کی جاسکے۔ وکٹمز کمشنرانفرادی مقدمات میں مدد نہیں کرسکتا یا مختلف فیصلےکرنےکےلئےفوجداری نظام انصاف کو چیلنج نہیں کرسکتا۔

## بڑھائےگئے حقوق

یہ کوڈ تسلیم کرتا ہےکہ وہ مظلومین جن کوقابل زد یا خوفزدہ سمجھا جاتا ہے، جو سنگین ترین جرائم کا شکار ہوئےہیں (بشمول سوگ میں کسی قریبی رشتہ دارکے) یا جنہیں مسلسل نشانہ بنایا گیا ہےیا اس بات کا زیادہ امکان ہےکہ اُنہیں خصوصی معاونت کی ضرورت ہے(بعض مظلومین ان میں سےایک یا زیادہ درجات میں موجود ہوسکتےہیں)۔ ایسے تعاون میں معاونت کی کسی خصوصی سروس کی طرف ریفرل کی پیشکش کئےجانا، اہم فیصلوں کےبعد جلد ہی رابطہ کئے جانا اورخصوصی اقدامات تک رسائی رکھےجانا(دیکھیں حق 4) شامل ہوسکتا ہے۔ ہرانفرادی حق کےاندریہ کوڈ نمایاں کرتا ہےکہ ایسےاضافہ شدہ حقوق کہاں لاگو ہوتےہیں۔

جب خدمت کا کوئی مُہیاکنندہ اس بات کی شناخت کرچُکا ہوگا کہ آپ بڑھائے گئے حقوق کےلئے اہل ہیں، تواُنہیں لازمی طورپر یقینی بنانا چاہیےکہ یہ معلومات اس قانون کےتحت ذمہ داریاں رکھنے والےخدمات کےدیگر مہیا کنندگان کومنتقل کی جائیں، جہاں موزوں ہو، اُن خدمات کوجو مظلومین کو تعاون مہیا کرتےہیں۔

اگرآپ مندرجہ بالا خاکہ کئےگئے درجات میں نہیں آتے، توخدمات کا کوئی مہیا کنندہ بعض اضافہ شدہ حقوق تک رسائی مہیا کرنے کا فیصلہ کرسکتا ہے، آپ کےحالات یا جُرم کےاثر پرانحصار کرتےہوئے۔

### زدپذیریا خوفزدہ کئےگئےمظلومین

آپ اس کوڈ کے تحت ایک زد پذیرمظلوم کےطورپراضافہ شدہ حقوق کےلئے اہل[فٹ نوٹ 15] ہیں اگر:

- جُرم کےوقت آپ 18 سال سے کم عمر ہیں،[فٹ نوٹ 16] یا
- آپ کی شہادت کے معیارکےمتاثرہونےکا امکان ہےکیونکہ آپ
    - مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1983 کےمعنی کےاندرذہنی بدنظمی کا شکار ہیں

- کوئی جسمانی معذوری رکھتےہیں یا کسی جسمانی بدنظمی کا شکار ہیں۔

آپ ایک خوفزدہ کئےگئےمظلوم کے طورپر بھی اس کوڈ کےتحت اضافہ شدہ حقوق کےلئےاہل ہیں اگرخدمت کا مُہیا کنندہ یہ سمجھتا ہےکہ عدالت میں شہادت دینےکےبارےمیں آپ کا خوف یا تکلیف آپکی شہادت کےمعیار کومتاثر کریں گے۔[فٹ نوٹ 17]

یہ جانچ کرنےکےوقت کہ کیا کوئی مظلوم خوفزدہ ہے، خدمت کےمہیا کنندہ کو لازمی طورپر اس پرغورکرنا چاہیے:

- مشتبہ، اُس کےخاندان کے اراکین یا ساتھیوں، یا کسی اورایسےشخص کا مظلوم کےساتھ رویہ جس کا مقدمےمیں مشتبہ یا گواہ بننے کا امکان ہے۔
- مظلوم کی عُمر
- اگرمتعلقہ ہو، مظلوم کا سماجی اورثقافتی پس منظر، مذہبی اعتقادات یا سیاسی آراء، نسلی اصلیت، گھریلو اورملازمت کے حالات
- جُرم کی نوعیت اورمبینہ حالات جن کا مقدمےسےتعلق ہے( کسی جنسی جُرم یا انسانی اسمگلنگ کے مظلومین کو ڈرایا گیا سمجھا جائےگا)، اور
- مظلوم کی طرف سے اظہارکی گئی آراء

### سنگین ترین جُرم کےشکارافراد

آپ سنگین ترین جُرم کے شکار کے طورپر اس کوڈ کےتحت اضافہ شُدہ حقوق کےاہل ہیں، اگرکسی فوجداری جُرم کےنتیجےمیں کھوجانےوالےفرد کےقریبی عزیز ہیں، گھریلو بدسلوکی، نفرت کی بنیاد پرجُرم، دہشت گردی، جنسی جرائم، انسانی اسمگلنگ، جدید غلامی، کوشش کئےگئےقتل، اغوا، جھوٹی قید، زندگی کےلئےخطرناک بنانےکی نیت سےآگ لگانے اورارادے کےساتھ زندگی کو خطرےمیں ڈالنےاورزخمی کرنےیا سنگین جسمانی ضرر کا باعث بننے کی کوشش کرنےکا باعث ہیں۔

اضافی بڑھائےگئےحقوق جو کھوجانےوالےشخص کےقریبی رشتہ داران کےلئےدستیاب ہیں اُن کو علیحدہ طورپراس کوڈ کےہرانفرادی حق کےاندرنمایاں کیا گیا ہے۔

### تسلسل کےساتھ نشانہ بنائےگئے مظلومین

آپ اس کوڈ کےتحت ایک تسلسل کےساتھ نشانہ بنائےگئےمظلوم کےطورپر بڑھائے گئے حقوق کے اہل ہیں اگرآپ کو وقت کی ایک مدت کےدوران جُرم کے براہ راست شکار شخص کےطورپربار بار نشانہ بنایا گیا ہے، خاص طورپراگرآپ ہراساں کئے جانے کی کسی مہم یا پیچھا کئے جانےکا شکار ہیں۔

## حق 1: سمجھنےکےقابل ہونا اورسمجھےجانا

1.1 آپ کو یہ سمجھنے میں مدد حاصل کرنے کا حق حاصل ہےکہ کیا ہورہا ہےاور سمجھے جانا۔ موزوں اقدامات پرغورکرنے میں، خدمت کےمہیا کنندگان کو لازمی طورپرکسی متعلقہ ذاتی خصوصیات کو زیرغورلانا چاہیے جو سمجھنےاورسمجھے جانے کی آپ کی صلاحیت کو متاثرکرسکتی ہیں۔ خدمت کے تمام مہیا کنندگان کو لازمی طورپرسادہ اورقابل رسائی زبان میں ابلاغ کرنا چاہیےاورلازمی طور مظلوم کو تمام ترجمہ اورتشریح کی خدمات کی مفت پیشکش کی جانی چاہیے۔

1.2 اگر،جُرم کےاثر کی وجہ سے، آپ کوسمجھنے یا سمجھے جانے میں معاونت کی ضرورت ہے، توآپ کواپنی پسند کےکسی شخص کی طرف سے تعاون مہیا کیا جاسکتا ہے، جب تک خدمت کا مہیا کنندہ یہ نہیں سمجھتا کہ یہ آپ کے بہترین مفادات میں نہیں ہوگا یا یہ کہ یہ تفتیش یا قانونی کاروائی کو متاثر کرےگا۔ ان حالات میں، خدمت کا مہیا کنندہ آپ کواس کی وجہ بتائےگا۔

1.3 اگرآپ کو انگریزی سمجھنےیا بولنے میں مشکل درپیش ہے، توآپ کوایک مُترجم استعمال کرنےکا حق حاصل ہے[فٹ نوٹ 18]تاکہ آپ کو تب سمجھنے میں مدد مل سکے:

- کسی فوجداری جُرم کی اطلاع دیتےہوئے[فٹ نوٹ 19]
- پولیس کی طرف سےآپ کا انٹرویو کئےجانےکےوقت
- ایک گواہ کے طورپرگواہی دیتےہوئے

1.4 اس کے علاوہ آپ کسی دستاویزکا ترجمہ بھی موصول کرسکتےہیں جہاں یہ انٹرویو یا عدالتی کاروائیوں کےلئےلازم ہے تاکہ آپ کوئی دستاویز پڑھ سکیں جوآپ کو دی جاتی ہے، بشمول:

- اطلاع دئیے گئے جُرم کی تحریری تصدیق
- جہاں یہ انٹرویو یا عدالتی سماعت کےمقاصد کےلئے لازم ہے کہ کسی خاص دستاویز کودیکھا جائے جوآپ کو منکشف کی گئی ہے، دستاویز کےمتعلقہ حصوں کی ایک نقل۔
- آپ کو مقدمے کی تاریخ، وقت اورمقام کےبارے میں مطلع کرنے والی خط وکتابت
- فوجداری کاروائیوں کا نتیجہ ، جہاں دستیاب ہو، فیصلے کی وجوہات
- کسی شکایت یا درخواست کا جواب جو وکٹمز رائٹ ٹوریویواسکیم کےتحت کی گئی ہو[فٹ نوٹ 20]

1.5 اس کےعلاوہ آپ مندرجہ بالا میں درج فہرست کی گئی کسی دستاویز کا زبانی ترجمہ یا خلاصہ بھی وصول کرسکتےہیں، جب تک ایسا کرنا کاروائیوں کے منصفانہ ہونے کومتعصبانہ نہ بناتا ہو۔

1.6 ویلزمیں سماعت کئے جانے والے مقدمات کےلئے، آپ گواہی دیتےوقت ویلش استعمال کرنے کا قانونی حق رکھتےہیں اورعدالت ضروری انتظامات کرےگی[فٹ نوٹ 22] آپ کو پیرول بورڈ کو ویلش میں مظلوم کا ذاتی بیان جمع کرانے کا حق بھی حاصل ہے،مُجرم کے مقام کی پرواہ کئے بغیر، اورپیرول بورڈ کے فیصلے کا خلاصہ ویلش میں مہیا کئےجانےکےلئے کہنے کا۔

# حق 2: کسی بلاجواز تاخیرکےبغیرجُرم کی تفصیلات کا اندراج کروانے کا

2.1 آپ کو حق حاصل ہےکہ واقعہ کے بعد پولیس کی طرف سےکسی بلاجواز تاخیر کےبغیر جُرم کی تفصیلات کا اندراج کروائیں۔ جب آپ کسی جُرم کی اطلاع دیتےہیں، توآپ کو جُرم کے بارےمیں تفصیلات مہیا کرنےکےلئے کہا جائےگا۔

2.2 اگرآپ کو ایک شہادتی بیان دینے کےلئےکہا جاتا ہے، توپولیس آپ کووضاحت کرےگی کہ اس کا نتیجہ آپ کی طرف سے عدالت میں گواہی دینے کی ضرورت کی صورت میں نکل سکتا ہے، اگر مقدمہ عدالتی کاروائی تک جاتا ہے۔

2.3 اگرآپ کو انٹرویو کروانے کےلئے کہا جاتا ہے، توایک انٹرویوکسی بلاجواز تاخیر کے بغیرواقع ہونا چاہیے، انٹرویوز کی تعداد کو کم ازکم رکھا جانا چاہیےاورجہاں ممکن ہو اس کا انعقاد اُسی شخص کی طرف سے کیا جانا چاہیے۔ پولیس کو لازمی طورپرایسے اقدامات کرنے چاہییں جویہ یقینی بنانےکےلئے ضروری ہوں کہ آپ (اورآپ کا خاندان) مشتبہ کےساتھ غیرضروری رابطہ نہ رکھیں۔

2.4 پولیس کو لازمی طورپراس پرغورکرنا چاہیےکہ کیا آپ کو اضافی تعاون سےفائدہ حاصل ہوگا، مثال کےطورپر، کسی مترجم کی معاونت سے، اوریہ کہ کسی انٹرویو کا انعقاد کسی مکمل طورپرپیشہ ور کی طرف سے کیا جائےجواس مقصد کےلئےتربیت یافتہ ہو۔ اُنہیں لازمی طورپریہ یقینی بنانے کی کوشش کرنی چاہیےکہ یہ کسی ایسی عمارت میں واقع ہوتا ہے جواس مقصد کےلئے ڈیزائن کی گئی ہےیا اس مقصد کےلئے اُس میں تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ اگریہ ممکن نہ ہو، توپولیس آپ کو بتائے گی کہ کیوں۔

2.5 آپ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ انٹرویوپراپنی پسند کے کسی شخص کولانے کےلئے درخواست کریں۔ اگریہ ممکن نہ ہو، توپولیس آپ کو بتائے گی کہ کیوں۔

2.6 اگرپولیس یا کراؤن پراسیکیوشن سروس یہ سمجھتی ہےکہ آپ کی شہادت کا معیارکسی زدپذیری کی وجہ سے بدترین طورپرمتاثرہوسکتا ہے، تو اُنہیں لازمی طورپراس پرغور کرنا چاہیےکہ کیا آپ کسی رجسٹرڈ ثالث (دیکھیں حق 4) کی طرف سے تعاون کےاہل ہیں اور آپ کی ضروریات کی بنیاد پردیگر معقول ردوبدل کریں۔

**کوئی رجسٹرڈ ثالث (انٹرمیڈئیری) کیا ہے؟**

کوئی رجسٹرڈ انٹرمیڈئیری ابلاغ کا ایک سیلف ایمپلائیڈ ماہرخصوصی ہوتا ہے جو زد پذیرمظلومین اورگواہان کی ابلاغ کی مشکلات میں مدد کرتا ہےتاکہ وہ فوجداری مقدمات میں پولیس اورعدالت کوگواہی دے سکیں۔

کسی مظلوم/گواہ کو کسی رجسٹرڈ انٹرمیڈئیری کی مدد کی ضرورت پیش آسکتی ہے، اُس کی عُمر، کسی آموزشی معذوری، ذہنی بدنظمی یا کسی جسمانی معذوری کی وجہ سے، جو اُس کی ابلاغ کرنے کی صلاحیت کو متاثر کرتی ہے۔ وہ اکثراوقات کسی گواہ کےگواہی دینے کے قابل ہونے یا نہ ہونےکےدرمیانفرق ہوتےہیں۔

2.7 اگرفوجداری کاروائیوں کےمقاصد کےلئےطبی معائنے کی ضرورت ہے، توان کو لازمی طورپرکم ازکم رکھا جاناچاہیےاوریہ آپ کی مرضی کےتحت ہونے چاہییں۔

2.8 اگرآپ کسی جنسی تشدد، تذکیرکی بنیاد پر تشدد یا گھریلو بدسلوکی کا شکار ہوئےہیں، توآپ یہ درخواست کرنے کا حق رکھتےہیں کہ انٹرویو کرنے والا افسرآپ کی پسند کی صنف کا ہو۔ عدالت کو لازمی طورپرآپ کی درخواست پورا کرنی چاہیے جب تک ایسا کرنا کاروائیوں کے منصفانہ ہونے کو متعصبانہ نہ بناتا ہو۔ اگرایسا ہوتا ہے، توپولیس آپ کو اس کی وجہ بتائےگی۔

2.9 اگرآپ کو زد پذیرسمجھا جاتا ہے، مثال کےطورپر18 سال سے کم عمریا ڈرایا گیا (دیکھیں بڑھائےگئےحقوق) توپولیس آپ کو، یا والدین/سرپرست سے پوچھے گی کیا آپ چاہتےہیں کہ آپ کا پولیس انٹرویو وڈیو کےذریعے ریکارڈ کیا جائےتاکہ اسےآپ کی طرف سے یہ بتانےکےلئےآسان تربنایا جائے کہ کیا واقع ہوا تھا۔ اس کوعدالت میں آپ کی گواہی کے طورپر پیش کیا جاسکتا ہے۔ اس کےعلاوہ آپ اپنی عدالتی جرح کی شہادت کو پہلے کسی وقت پراورمقدمے سےعلیحدہ طورپرپیشگی طورپرریکارڈ کروانےکےقابل بھی ہوسکتےہیں۔ پولیس اس اختیار پرآپ سے بات چیت کرےگی۔ اگرآپ اپنی گواہی مقدمے پردینا چاہتےہیں تو، اگرآپ اہل ہوئے، توعدالت آپ کو گواہی دینے کی اجازت دےسکتی ہےاورعدالت سےدوریا فاصلے پرکسی جگہ سے ایک لائیو لنک روم کے ذریعے جرح کروانے دےسکتی ہے، تاکہ مدعاعلیہ کےساتھ ملاقات کےخطرےکو کم ازکم کیا جاسکے۔ تاہم، اگرآپ ترجیح دیں، توآپ اپنی گواہی عدالت میں دے سکتےہیں۔ استغاثہ کوگواہان کوآگاہ کرنا چاہیےکہ جس دوران وہ اس پرغورکرسکتےہیں کہ وہ کیسے گواہی دینا چاہ سکتےہیں، یہ عدالت کوایک درخواست دینےکےتحت ہوگی اور حتمی فیصلہ جج کی طرف سے کیا جاتا ہے۔

## حق 3: جُرم کی اطلاع دیتےوقت معلومات مہیا کئےجانےکا

3.1 اگرآپ پولیس کو کسی جُرم کی اطلاع دیتےہیں یا اپنی جانب سے کسی الزام کی اطلاع دیتےہیں، یا اگرآپ کےساتھ تفتیش کےدوران ایک مظلوم کےطورپر رابطہ کیا جاتا ہے، توآپ کواپنےالزام کی تحریری تصدیق وصول کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس میں جُرم کی بنیادی تفصیلات، جُرم کا حوالہ نمبر اوراُس پولیس افسرسے رابطے کی تفصیلات ہوگی جوآپ کے مقدمےکو نمٹا رہا ہے۔ تصدیق کوئی خط، ای میل، ٹیکسٹ پیغام ہوسکتی ہے، یا یہ ہاتھ سے لکھی گئی ہوسکتی ہے۔

3.2 جہاں پولیس سمجھتی ہے کہ تحریری تصدیق بھیجنے سےآپ کوضررپہنچنےکا خطرہ موجود ہوسکتا ہے، مثال کےطورپرگھریلو بدسلوکی کے مقدمات میں، توانُہیں تصدیق لازمی طورپر ایسےطریقے سے مہیا کرنی چاہیے جو آپ کےتحفظ کو ممکنہ طورپرخطرے میں نہ ڈالتا ہو۔

3.3 پولیس وضاحت کرےگی کہ آپ فوجداری نظام انصاف اورایک مظلوم کے طور پراپنے حقوق کےبارےمیں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتےہیں۔ اس میں اس بارےمیں معلومات شامل ہونگی کہ کہاں اورکیسے مشورہ اورتعاون حاصل کرنا ہے۔ مثال کے طورپر جہاں موزوں اوردستیاب ہو، معاوضہ کیسے طلب کرنا ہے(دیکھیں حق 5)، طبی رپورٹ تک رسائی، ماہرخصوصی کی معاونت، جیسا کہ نفسیاتی تعاون (بشمول مقدمے سے پہلے کی تھراپی اور کاؤنسلنگ)، اورمتبادل رہائش گاہ۔ پولیس یہ وضاحت بھی کرےگی کہ کون سےانتظامات دستیاب ہیں اگرآپ انگلینڈ اورویلز میں نہیں رہتے۔

**محفوظ رہائش گاہ تک رسائی کرنا**

اگرآپ گھریلو بدسلوکی کا تجربہ کررہےہیں، توایسی متعدد تنظمیں ہیں جو اس بارےمیں مشورہ اورتعاون مہیا کرسکتی ہیں کہ محفوظ رہائش گاہ تک کیسے رسائی کرنی ہے۔ نیشنل ڈومیسٹک ابیوزہیلپ لائن کا عملہ دن کے 24 گھنٹےموجود رہتا ہے، سال کے ہردن، ماہرین کی ایک وقف ٹیم کی طرف سے اور اُس سے اس نمبر کےذریعے پہنچا جاسکتا ہے: 0808 2000 247 اسماریٹینز کا عملہ بھی ہرروز، دن کے 24 گھنٹے موجود رہتا ہے، اوراُس سے اس نمبر پررابطہ کیا جاسکتا ہے: 116 123 متبادل طورپر، دیگرخدمات کا ایک سلسلہ،بشمول سوشل سروسز، جنرل پریکٹشنرز، فارما سسٹس، اورسٹیزنز ایڈوائس بیورو مزید معلومات مہیا کرسکتےہیں اورآپ کےعلاقے میں تعاون کی طرف رہنمائی کرسکتےہیں۔

مزید معلومات یہاں پر دیکھی جاسکتی ہیں: www.gov.uk/report-domestic-abuse. گھریلو بدسلوکی میں تعاون کےحوالےسےزیادہ ترسائٹس محدود وقت رکھنےوالوں کےلئے تیزی سےباہرنکلنے کے اختیارات رکھتی ہیں۔ اگرآپ فوری خطرے میں ہیں توآپ کو اس نمبر پرپولیس سے رابطہ کرنا چاہیے: 999.

3.4 اگرمجرم کوئی بالغ ہے، توآپ کوپولیس کی طرف سے ریسٹوریٹیوجسٹس کےبارےمیں اوراس بارےمیں معلومات وصول کرنے کا حق حاصل ہے کہ آپ کےمقامی علاقے میں ریسٹوریٹیوجسٹس خدمات تک کیسے رسائی کرنی ہے۔ اگرمجرم 18 سال سے کم عمر ہے، توآپ کو یوتھ افینڈنگ ٹیم کی طرف سےریسٹوریٹیوجسٹس کےبارےمیں معلومات وصول کرنے کا حق حاصل ہے۔[فٹ نوٹ 23]

3.5 اگرچہ ابتدائی طورپر پولیس آپ کو ریسٹوریٹیوجسٹس کےبارےمیں معلومات مہیا کرنے کےلئے ذمہ دارہے، خدمت کے تمام مہیاکنندگان کو لازمی طورپراس پرغورکرنا چاہیے کہ کیا آپ کوفوجداری نظام انصاف کےکسی مرحلے پریہ معلومات وصول کرنے سے فائدہ ہوگا۔

**ریسٹوریٹیو جسٹس کیا ہے؟**

ریسٹوریٹیوجسٹس ایک عمل ہے جواُن کوجن کو جُرم سے نقصان پہنچا ہے، اورنقصان کےذمہ دار کو ابلاغ میں لاتا ہے۔ یہ کسی خاص واقعہ سے متاثر ہونے والے ہرشخص کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ ضرر کی مرمت کرنے میں کردار ادا کرےجو آگے بڑھنے کا ایک مثبت راستہ تلاش کرنے میں قابل قدرہوسکتا ہے۔ ابلاغ کافی اشکال میں ہوسکتا ہے، کچھ کےلئے اس کا مطلب مُجرم سے بالمشافہ ملاقات ہوسکتا ہے، دیگرکےلئے، یہ خط، ریکارڈ کئے گئے انٹرویو یا وڈیوز کےذریعے ابلاغ ہوسکتا ہے۔ ریسٹوریٹیوجسٹس کی جو بھی قسم آپ کےلئے موزوں ترین ہو، تربیت یافتہ سہولت کاراس کے تمام عمل کےدوران آپ کو تیار کریں گےاورآپ کی معاونت کریں گے۔

ریسٹوریٹیو جسٹس تمام فریقین کےلئےرضاکارانہ ہےاوراس پر ملوث تمام کی طرف سے لازمی طورپررضامند ہوا جانا چاہیے، بشمول سہولت کاران کے، کہ آگے بڑھنےکےلئے یہ محفوظ اورموزوں ہے۔ یہ صرف تب واقع ہوگا اگرآپ اورمجرم، مقدمے کے بنیادی حقائق کی تصدیق کرچُکنےکےبعد، دونوں حصہ لینا چاہتےہوں۔ آپ کےلئے حصہ لینا لازم نہیں ہےاورآپ کسی بھی وقت دستبردار ہوسکتےہیں۔ آپ ریسٹوریٹیوجسٹس میں شرکت کرنے کےلئے کہہ سکتےہیں، کسی ایسے وقت پرجوآپ کےلئے درست ہو۔ آپ کو حصہ لینے کےموقع کی پیشکش کی جاسکتی ہےکیونکہ مجرم کو ریفرکیا گیا ہےاور اس کی محفوظ کےطورپرجانچ کی گئی ہے۔

3.6 اس حق کے تحت تمام معلومات لازمی طورپر 5 دفتری دنوں میں مہیا کی جانی چاہییں جُرم کی اطلاع دیئے جانے کے(اضافہ شدہ حقوق کےتحت 1 دفتری دن)۔

# حق 4: اُن خدمات کی طرف ریفرکئےجانےکا جو مظلومین کی معاونت کرتی ہیں اورآپ کی ضروریات کےمطابق خدمات اورتعاون تشکیل دیتی ہیں۔

### ضروریات کی تشخیص

4.1 جب آپ پولیس کو کسی جُرم کی اطلاع دیتےہیں، توآپ کو تعاون کی پیشکش کئےجانےکا حق حاصل ہے۔ اس میں اس بات کی تشخیص شامل ہےکہ کیا آپ اضافہ کئےگئے حقوق وصول کرنے کےاہل ہیں جیسے اس کوڈر کے صفحہ 10 پربیان کیا گیا ہے۔ جتنی زیادہ معلومات آپ اس تشخیص کےدوران مہیا کرنے کے قابل ہیں، وہ یہ یقینی بنائیں گی کہ خدمات کے مہیا کنندگان اُس مدد اورتعاون کی پیشکش کرنے کےقابل ہوں جوآپ کی ضروریات کو بہتر طورپر پورا کرتےہیں۔

4.2 آپ کے مقدمے کے تمام وقت کےدوران، خدمت کےتمام مہیا کنندگان کو لازمی طورپردوبارہ تشخیص کروائے جانے کا موقع مہیا کرنا چاہیے اگرآپ اُنہیں بتاتے ہیں کہ آپ کی ضروریات کیسے تبدیل ہوچکی ہیں۔

4.3 اگرگواہی دینےکےلئےآپ کا عدالت میں حاضرہونا ضروری ہے، توآپ کو وِٹنس کیئریونٹ کی طرف سے ضروریات کی علیحدہ تشخیص کی پیشکش کی جائےگی تاکہ یہ طے کیا جاسکےکہ کیا آپ کومقدمے کی کاروائی کےدوران اور عدالت میں کسی مزید مدد اورتعاون کی ضرورت ہے۔

### اُن خدمات کی طرف ریفرل جومظلومین کی معاونت کرتی ہیں۔

4.4 وہ خدمات جو مظلومین کی معاونت کے لئےیہاں موجود ہیں وہ آپ کوکسی جُرم سےنمٹنے،ا ورجہاں تک ممکن ہو،کسی جُرم سے بحال ہونےمیں آپ کی مدد کےلئےہیں۔ تعاون تک رسائی مفت ہے، یہاں تک کہ اگرپولیس کو جُرم کی اطلاع نہیں دی گئی ہے۔ اپنے علاقے میں تعاون کےبارےمیں مزید معلومات کےلئے، اپنی مقامی پولیس اورکرائم کمشنرسے رابطہ کریں[فٹ نوٹ 23] یا وزٹ کریں: www.gov.uk/get-support-as-a-victim-of-crime

4.5 اگرآپ پولیس کوکسی جُرم کی اطلاع دیتےہیں، توآپ کواُس خدمت کی طرف ریفر کئےجانےکا حق حاصل ہے جو مظلومین کی معاونت کرتی ہے، بشمول ریسٹوریٹیو جسٹس خدمات کے۔ پولیس آپ کوآپ کےمقامی علاقے میں دستیاب تعاون مہیا کرنے والی تمام خدمات کےبارےمیں بتائے گی۔ آپ کو2 دفتری دنوں کےاندرکسی سپورٹ سروس کی طرف ریفر کیا جائےگا، اوریہ خدمات دستیابی کی بنیاد پرتعاون تک بروقت رسائی مہیا کرنے کی پوری کوشش کریں گی۔

4.6 اگرآپ پولیس کو جُرم کی اطلاع نہ دینے کا انتخاب کرتےہیں، توتب بھی آپ کوکسی بھی وقت سپورٹ سروسز تک رسائی کرنےکا حق حاصل ہوگا۔ آپ مقامی سپورٹ سروسز تک براہ راست طورپر رسائی کرسکتےہیں۔ اپنےقریب کوئی سپورٹ سروس تلاش کرنےکےلئے، اپنی مقامی پولیس اورکرائم کمشنرسے رابطہ کریں[فُٹ نوٹ 24] یا وزٹ کریں: www.gov.uk/getsupport-as-a-victim-of-crime

4.7 اگرآپ سوگ منانےوالے کوئی قریبی عزیز ہیں، توآپ کوحق حاصل ہےکہ پولیس کی طرف سےایک فیملی لائیزان افسرآپ کوتفویض کیا جائے، جہاں سینئرانویسٹی گیشن افسراس کو موزوں سمجھتا ہے(ایسا زیادہ ترمقدمات میں ہوگا)۔ آپ کا فیملی لائیزان افسرعام طورپرآپ اورخدمت کے مہیا کنندگان کےدرمیان رابطے کے واحد مقام کے طورپرکام کرےگا۔ اگرآپ کے مقدمے میں بلاارادہ قتل کا الزام شامل ہے، توآپ کونیشنل ہومیسائڈ سروس اورکسی دیگرمتعلقہ خصوصی تعاون کی سروس تک ریفرکئے جانے کا حق بھی حاصل ہے۔ یہ پیشکش عام طورپر آپ کے فیملی لائیزان افسر کےذریعے کی جائےگی۔

**نیشنل ہومیسائڈ سروس کیا ہے؟**

نیشنل ہومیسائڈ سروس ایک مفت خدمت ہےجوقتل یا بلاارادہ قتل سےماتم منانے والے خاندانوں کوجذباتی، عملی، خصوصی اورپیئرسپورٹ مہیا کرتی ہے، بشمول دہشت گردی کےعمل کے بعد۔

4.8 آپ کی ضروریات اورآپ کے کیس کی نوعیت پرانحصارکرتےہوئے، آپ کوخصوصی تعاون کی پیشکش کی جاسکتی ہے، مثال کے طورپر کسی انڈی پینڈنٹ سیکسوئیل وائلنس ایڈوائزر کی طرف سے یا کسی انڈی پینڈنٹ ڈومیسٹک وائلنس ایڈوائزر کی طرف سے۔ آپ کا ایڈوائزرعام طورپرکیس کےتمام عرصےکےدوران رابطےکےواحد مقام کے طورپر کام کرےگا اور پولیس، وٹنس کیئریونٹ اورکراؤن پراسیکیوشن سروس کےساتھ آپ کی جانب سے ابلاغ کرے گا۔

**کسی انڈی پینڈنٹ سیکسوئیل وائلنس ایڈوائزریا انڈی پینڈنٹ ڈومیسٹک وائلنس ایڈوائزر کا کیا کردار ہے؟**

کوئی انڈیپینڈنٹ سیکسوئیل وائلنس ایڈوائزر ایک ایسا مشیرہوتا ہےجواُن لوگوں کےساتھ کام کرتا ہےجنھوں نے عصمت دری اورجنسی حملےکا تجربہ کیا ہوتا ہے، اس بات کی پرواہ کئے بغیر کہ کیا اُنھوں نےاس کی اطلاع پولیس کو دی ہے یا نہیں۔

انڈی پینڈنٹ ڈومیسٹک وائلنس ایڈوائزر گھریلوبدسلوکی کے شکارافراد کےساتھ کام کرتےہیں تاکہ اُن کےتجربات اوراُن کے ضرر کے جاری خطرے کوسمجھ سکیں۔ وہ کسی مظلوم کےساتھ ایک انفرادی تحفظ کے منصوبے (پلان) کو ترقی دیں گےتاکہ یقینی بناسکیں کہ اُن کے پاس وہ سب کچھ ہوجس کی اُنہیں محفوظ ہونےکےلئےضرورت ہےاوروہ اپنی زندگیوں کی بدسلوکی سے آزاد رہ کردوبارہ تعمیر کرنا شروع کرسکیں۔ اس پلان میں مظلومین کی قانونی خدمات تک رسائی میں معاونت کرنا (جیسا کہ ہیلتھ کیئر اورہاؤسنگ سروسز)، اُن کی ایک ملٹی ایجنسی رسک اسیسمنٹ کانفرنس پرنمائندگی کرنااوراُن کی کمیونیٹیز میں دیگررضاکارانہ خدمات تک رسائی کرنا شامل ہوسکتا ہے۔ انڈی پینڈنٹ ڈومیسٹک وائلنس ایڈوائزرزقانونی خدمات سےآزادہوتےہیں اور وہ مظلومین کو متعلقہ معلومات اور اُن کی ضروریات کے مطابق ترتیب دیا گیا مشورہ مہیا کرنے کے قابل ہوتےہیں۔

4.9 اگرآپ کےلئےعدالت میں گواہی دینا ضروری ہے، توآپ کو وٹنس سپورٹ سروس کی طرف ریفرکئےجانےکا حق حاصل ہے(دیکھیں حق 8)

4.10 آپ کے مقدمے کے اختتام پر، نتیجے کی پرواہ کئے بغیر، آپ کو کسی سپورٹ سروس کی طرف ریفرل کی پیشکش کئے جانے کا حق حاصل ہے، چاہے آپ نے اُس تک پہلے رسائی نہ بھی کی ہو۔ اپنےقریب ایسی سروس تلاش کرنےکےلئے جومظلومین کی معاونت کرتی ہے، اپنی مقامی پولیس اور کرائم کمشنر سے رابطہ کریں[فُٹ نوٹ 25] یا وزٹ کریں:www.gov.uk/get-support-as-a-victim-of-crime

### خصوصی اقدامات

4.11آپ کو حق حاصل ہے کہ یہ طے کرنےکےلئےآپ کی ضروریات کی پولیس یا وٹنس کیئریونٹ کی طرف سے جانچ کی جائےکہ کیا آپ خصوصی اقدامات استعمال کرنےکےاہل ہیں اور کیا آپ کوان سے گواہی دینے میں فائدہ ہوگا۔[فٹ نوٹ 26] پولیس یا وٹنس کیئریونٹ وضاحت کریں گے کہ کون سےخصوصی اقدامات دستیاب ہیں اوروہ اس بارےمیں آپ کی آراء کے لئے پوچھیں گےکہ آپ کن کےلئےدرخواست دینا چاہیں گے۔

**خصوصی اقدامات کیا ہیں؟**

زد پذیر یا خوفزدہ مظلومین اور گواہان مقدمےکی کاروائی کے دوران خصوصی اقدامات استعمال کرنےکےلئے کہ سکتےہیں تاکہ اُنہیں عدالت میں اپنی بہترین گواہی دینے میں مدد مل سکےاوریہ اُس تناؤ میں سے کچھ کو کم کرسکےجس کا گواہی دینے سے تعلق ہے۔ اگراہل ہوئے توعدالت فیصلہ کرےگی کہ کیا خصوصی اقدامات عطا کئےجانےچاہییں۔

عام خصوصی اقدامات میں شامل ہیں: گواہ کےکٹہرے کےاردگرد اسکرین/ پردہ نصب کیا جانا یا لائیو وڈیو لنک کےذریعے گواہی دینا، چاہےعدالت کےاندر کسی علیحدہ کمرے سےیا عدالت کی عمارت کےباہرکسی وقف لائیو لنک سائٹ سے، تاکہ آپکو مدعاعلیہ اورعدالت میں مشاہدہ کرنےوالوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

دیگرخصوصی اقدامات میں شامل ہیں:

- کمرہ عدالت میں پریس یا عوام کی موجودگی کی اجازت کےبغیرخلوت میں گواہی دینا؛
- جج، دفاع اوراستغاثہ کےوکلاء کی طرف سے پہنی جانےوالی وگز اورگاؤنز کوہٹا دینا۔
- ابلاغ میں مددگار اشیاء کا استعمال یا سوالات کو سمجھنےکےلئےکسی ثالث (انٹرمیڈیئری) کی مدد رکھنا؛ یا
- پہلے سے ریکارڈ کی گئی وڈیو کےذریعےگواہی مہیا کرنا یا جرح کروانا جس کا یہ مطلب ہے کہ گواہ کومقدمےپرگواہی دینے کی ضرورت نہیں ہوتی (گواہان گواہی دینےکےلئے پہلےکی گئی ریکارڈنگ سے گواہی دینے کےلئےحاضر ہونےکےلئےاراده تبدیل نہیں کرسکیں گے)۔

4.12 جج یا مجسٹریٹ یہ فیصلہ کرے گا کہ کیا استغاثہ کی طرف سے درخواست کےبعد خصوصی اقدامات عطا کئےجانےچاہییں۔ وٹنس کیئریونٹ آپ کو جج یا مجسٹریٹ کےفیصلےکےبارےمیں بتائےگا (دیکھیں حق 8) اور ہرمیجسٹیز کورٹس اینڈ ٹربیونلز سروس کا عملہ یہ یقینی بنائےگا کہ عطا کئےگئے کوئی خصوصی اقدامات عدالت میں آپ کےلئے دستیاب ہوں۔

## حق 5: معاوضے کے بارےمیں معلومات مہیا کیا جانا

### عدالت کی طرف سے حُکم دیا گیا معاوضہ

5.1 اگرمدعاعلیہ اپنا قصور تسلیم کرلیتا ہےیا اُسےقصور وار پایا جاتا ہے، تو جج یا میجسٹریٹ اُسےکسی خسارے، نقصان یا چوٹ کی وجہ سےجواس جُرم کی وجہ سےہوا، کےلئے معاوضے کی ادائیگی کرنےکا حکم دے سکتا ہے۔ آپ کو حق حاصل ہےکہ پولیس کی طرف سے یہ بتایا جائے کہ معاوضہ کیسے طلب کرنا ہےاورآپ سے کسی خسارےیا نقصان کا ثبوت مہیا کرنےکےلئےکہا جاسکتا ہے، مثال کےطورپرجُرم کےدوران واقع ہونے والے نقصان کی مرمت کےلئے رسیدیں یا نرخ۔

## کریمینل انجریز کمپینسیشن اسکیم

5.2 اگرآپ کوکسی پُرتشدد جُرم کے براہ راست نتیجے میں سنگین جسمانی یا ذہنی چوٹ لگی ہے، تو آپ کریمینل انجریز کمپینسیشن اسکیم (دی اسکیم) کےذریعے معاوضے کے حقدار ہوسکتےہیں۔[فٹ نوٹ 27] اسکیم اُن کےلئے ہے جوانگلینڈ، ویلز اوراسکاٹ لینڈ میں زخمی ہوئے ہیں۔ آپ کو حق حاصل ہےکہ پولیس کی طرف سےیہ بتایا جائےکہ اسکیم کےذریعے معاوضےکےلئےکیسےدرخواست دینی ہے[فٹ نوٹ 28] (دیکھیں حق 3).

5.3 کریمینل انجریز کمپینسیشن اتھارٹی اس اسکیم کا انتظام کرنے کی ذمہ دار ہے۔

5.4 اپنی درخواست میں تاخیرنہ کریں۔ آپ کو لازمی طورپر جتنا جلدعملی طورپرممکن ہودرخواست دینا چاہیے۔ یہ عام طورپرواقعہ کی تاریخ سے دوسالوں کےاندرہونا چاہیے۔ کریمینل انجریزکمپینسیشن اتھارٹی وقت کی حدود میں صرف تب توسیع کرسکتی ہےاگرکوئی غیرمعمولی حالات موجود ہوں۔ 29 قوانین لاگوہوتےہیں اگرآپ واقعہ ہونےکےوقت پر18 سال سے کم عُمر تھے۔ معاوضے کا اہل ہونےکےلئے، آپ کواسکیم میں بیان کئے گئے اہلیت کےوسیع ترمعیارپرپورا اُترنا ہوگا۔

5.5 آپ کو درخواست دینےکےلئے کسی فوجداری مقدمےکےنتیجے کا انتظارنہیں کرنا چاہیے۔ کلیم کا انحصارکسی مُجرم کی سزا دہی پر نہیں ہے۔ تاہم، کریمینل انجریزکمپینسیش اتھارٹی آپ کی درخواست کو تب تک روکےرکھ سکتی ہےجب تک آپ کومقدمے کے نتیجے کا علم نہیں ہوجاتا، اگروہ آپ کے کلیم کوآگے بڑھانےکےقابل ہونےکےلئےکافی معلومات نہیں رکھتے۔

5.6 اسکیم آخری سہارے میں سے ایک ہے۔ جہاں کہیں اورمعاوضےکی پیروی کرنے کا موقع موجود ہے، آپ کووہ کرنا چاہیے۔ اسکیم کےتحت عطائیگی آپ کو ادا کی گئی معاوضےکی دیگرادائیگیوں کومدنظررکھےگی، جیسا کہ عدالت کی طرف سےحکم دیا گیا معاوضہ یا کوئی سول پرسنل انجری ایوارڈ۔ کریمینل انجریزکمپینسیشن اتھارٹی کلیم پر تب تک فیصلہ کرنےکومؤخرکرسکتی ہےجب تک آپ معاوضے وصول کرنےکےلئے آپ کو دستیاب دیگر طریقوں سے معاوضہ طلب کرنےکےلئے معقول اقدامات نہیں کرتے اوراُن اقدامات کےنتیجے کا انتظارنہیں کرتے۔

5.7 جب آپ درخواست دے چُکے ہونگے، توکریمینل انجریزکمپینسیشن اتھارٹی تصدیق کرےگی کہ آپ کی درخواست وصول کی جاچکی ہو اوروہ آپ کی درخواست کےحوالےسےتمام تحریری خط وکتابت کا جواب اس کی وصولی کے20 دفتری دنوں کے اندر دیں گے۔

5.8 آپ کی درخواست پرغورکرلینےکےبعد آپ کوکریمینل انجریز کمپینسیشن اتھارٹی کے فیصلے پرنظرثانی کےحق کےبارےمیں معلومات مہیا کی جائیں گی، بشمول اُس فیصلے پرنظرثانی کرنےکےلئےطریقہ کار اور وقت کی حدود کے۔

5.9 معاوضےکےلئےدرخواست دینےکےبارےمیں مزید معلومات یہاں پر دیکھی جاسکتی ہیں: www.gov.uk/claimcompensation criminal-injury,اس کےعلاوہ یہ پولیس، آپ کی مقامی سپورٹ سروس، یا کریمینل انجریز کمپینسیشن اتھارٹی سے اس نمبرپررابطہ کرنے سےحاصل کی جاسکتی ہیں: {30^].3601 003 0300

5.10 جب کہ یہ کوڈ کی دسترس سے باہر ہے، بیرون مُلک دہشت گردی کےحملوں کے شکار افراد بھی وکٹمزآف اوورسیز ٹیرررزم کمپینسیشن اسکیم کےذریعے معاوضےکےاہل ہوسکتےہیں۔
معاوضےکےلئےدرخواست دینےکےلئےمزید معلومات یہاں دیکھیں: www.gov.uk/compensation-victim-terrorist-attack, یا اس نمبرپرکریمینل انجریز کمپینسیشن اتھارٹی سےرابطہ کرنے سے: 0300 003 3601.[فٹ نوٹ 30]

**سول (غیرفوجداری) معاوضہ**

5.11 یہ ممکن ہوسکتا ہےکہ فوجداری نظام انصاف سے باہرمشتبہ یا مُجرم سے معاوضہ طلب کیا جائے۔ اگرآپ سول معاوضے کےلئے درخواست دینے پرغورکررہےہیں، توآپ کو کسی سالیسٹر سےقانونی مشورہ اور معاونت طلب کرنا چاہیے۔

**معاوضہ کلیم کرنےکےلئے قانونی مشورہ/معاونت حاصل کرنا**

5.12 اگرآپ کوقانونی مشورہ اور/یا معاونت کی ضرورت ہےتوآپ کو کسی سالیسٹر سے رابطہ کرنا چاہیے۔ اگرآپ کی آمدن کم ہے یا بینیفٹس پرہیں توآپ اخراجات کا احاطہ کرنےکےلئے لیگل ایڈ حاصل کرنےکےقابل ہوسکتےہیں۔ اس بارےمیں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں کہ کیا آپ لیگل ایڈ کےاہل ہیں: www.gov.uk/legal-aid

5.13 کوئی مقامی سالیسٹرتلاش کرنےکےلئے آپ کویہاں لاء سوسائٹی سے رابطہ کرنا چاہیے: www.lawsociety.org.uk

## حق 6: تفتیش اورعدالتی کاروائی کے بارےمیں معلومات مہیا کیا جانا

6.1 آپ کو حق حاصل ہےکہ آپ کوتب پولیس کی طرف سےبتایا جائے جب تفتیش کےبارےمیں اہم فیصلے کئےجاتےہیں اور، جہاں لاگوہوتا ہو، وجوہات کی وضاحت کئے جانا، 5 دفتری دنوں کےاندر(اضافہ شدہ حقوق کےتحتدفتری دن کے اندر 1) کسی مشتبہ کو:

- گرفتار کئےجانےپر؛
- انتباہ (کاشن) کےتحت انٹرویوکئےجانےپر؛
- الزام عائد کئے بغیررہا کردئیےجانےپر؛ اور
- پولیس کی ضمانت پررہا کردئیےجانےپریا زیرتفتیش ہونے پریا اگرپولیس کی ضمانت کی شرائط تبدیل ہوتی ہیں یا منسوخ ہوتی ہیں۔

6.2 اگرپولیس آپ کےمقدمے کی تفتیش نہ کرنےکا فیصلہ کرتی ہے، توآپ کو5 دفتری دنوں کےاندر اس فیصلےکی وضاحت دی جائےگی (اضافہ شدہ حقوق کےتحتدفتری دن کے اندر 1)۔ پولیس آپ کوکسی معاون سروس کی طرف ریفرل کی پیشکش بھی کرےگی۔

6.3 جہاں پولیس آپ کے کیس کی واقعی تفتیش کرتی ہے، تووہ آپ کےساتھ اس پربات چیت کریں گےکہ آپ کتنے تعدد کےساتھ تازہ کاریاں وصول کرنا چاہیں گےاورآپ کا رابطےکےلئےترجیح شدہ طریقہ کیا ہوگا۔ آپ اپنی ترجیحات کی کسی بھی وقت تجدید کرسکتےہیں۔

6.4 تفتیش اور اس بارےمیں فیصلہ کہ کیا مقدمےکوعدالت میں جاناچاہیےکافی وقت لےسکتا ہے اوراہم فیصلوں کےدرمیان طویل دورانیے ہوسکتےہیں۔ پولیس آپ کےساتھ بات چیت کرے گی کہ کیا آپ اس وقت کےدوران رابطہ چاہیں گےاوروہ آپ کورابطے کی تفصیلات مہیا کریں گےاگرآپ تفتیش کےدوران کوئی سوالات رکھتےہوئے۔

6.5 ایسے اوقات ہوسکتےہیں جب خدمت کا مہیا کنندہ آپ کو تازہ کاریاں مہیا کرنےاور/یا آپ کا ترجیح شدہ رابطے کا طریقہ استعمال کرنےکےقابل نہ ہو، لیکن ایسی صورتوں میں، وہ آپ کو اس کی وجہ بتائیں گے۔

6.6 کچھ مقدمات میں، پولیس یا کراؤن پراسیکیوشن سروس مقدمے کو عدالت میں لےجائے بغیراُس سے نمٹنے کا فیصلہ کرسکتی ہے۔ اس کو عدالت کے باہر نمٹایا جانا کہتےہیں۔[فٹ نوٹ 31] یہ اس قابل بناتا ہے کہ واقعے کےساتھ قدرے تیزی کے ساتھ نمٹا جائے اوریہ مزید جرائم کو روکنے میں زیادہ مؤثرثابت ہوسکتا ہے۔

6.7 جہاں پولیس یا کراؤن پراسیکیوشن عدالت سے باہرنمٹانے پرغورکررہےہوں توآپ کوآپ سے آپ کی آراء پوچھے جانے کا حق حاصل ہےاوراُن آراء کوتب زیرغورلائے جانےکا جب فیصلہ کیا جاتا ہے۔ جہاں یہ عملی وجوہات کی بناء پرممکن نہ ہو، پولیس یا کراؤن پراسیکیوشن سروس آپ کو اس کی وجہ بتائےگی۔

6.8 پولیس یا کراؤن پراسیکیوشن سروس جُرم کے تمام حالات اورآپ کی آراء پر غور کرنےکےبعد حتمی فیصلہ کرےگی۔ آپ کوحق حاصل ہے کہ آپ کو 5 دفتری دنوں کے اندر اُن کےفیصلےکی وجوہات کے بارےمیں بتایا جانا چاہیے(اضافہ شدہ حقوق کی صورت میں[دفتری دن کےاندر 1]) مُجرم کو عدالت سے باہرکوئی نمٹایا جانا (ڈسپوزل) دئیےجانےکے۔

6.9 جب پولیس اپنی تفتیش مکمل کرلے گی، تووہ فیصلہ کرسکتےہیں کہ آگے کیا ہوناچاہیےیا، مزید سنگین جرائم کےلئے، معلومات کراؤن پراسیکیوشن سروس کو بھیج دے گی ، جو تب یہ فیصلہ کرےگی کہ کیا مقدمے کو عدالت میں لے جانے کے لئے کافی شہادت موجود ہے۔

6.10 اگرپولیس یا کراؤن پراسیکیوشن سروس مشتبہ کےخلاف قانونی کاروائی نہ کرنے کا فیصلہ کرتےہیں، توآپ کواس بارےمیں 5 دفتری دنوں میں بتائے جانےکا حق حاصل ہے(اضافہ شدہ حقوق کےتحت[(دفتری دن میں 1)] مندرجہ ذیل کےفیصلےکےبارےمیں:

- فیصلےکی وجوہات؛
- آپ مزید معلومات کیسے حاصل کرسکتےہیٍ؛
- نظرثانی کیسے طلب کی جاسکتی ہےاورنیشنل پولیس چیفس کونسل یا کراؤن پراسیکیوش سروس وکٹمز رائٹ ٹوریویواسکیم کےتحت نمائندگیاں کیسےکی جاسکتی ہیں[فٹ نوٹ 32]اور؛
- کسی معاون خدمت کی طرف خود کوکیسےریفرکروایا جاسکتا ہے

6.11 اگرآپ پولیس یا کراؤن پراسیکیوشن سروس کے مشتبہ کےخلاف کاروائی نہ کرنےکےفیصلے سے ناخوش ہیں، توآپ کونیشنل پولیس چیفس کونسل یا کراؤن پراسیکیوشن سروس وکٹمز رائٹ ٹو ریویو اسکیمزکےتحت نظرثانی کےلئے کہنے کا حق حاصل ہے۔

**وکٹمز رائٹ ٹو ریویو اسکیم کیا ہے؟**

وکٹمز رائٹ ٹو ریویو اسکیم جُرم کے مظلومین کو پولیس یا کراؤن پراسیکیوشن سروس کے قانونی کاروائی نہ کرنے، یا مقدمے کو روک دینے کے فیصلےکی نظرثانی کےلئے درخواست دینے کا حق دیتی ہے۔

**پولیس**

وکٹمزرائٹ ٹوریویو اسکیم مظلومین کوحق دیتی ہےکہ وہ پولیس کی طرف سے مشتبہ کےخلاف کاروائی نہ کرنےکےفیصلےپرنظرثانی کےلئے کہیں۔ اس کا اطلاق ایسے مقدمات پرہوتا ہےجن میں کسی مشتبہ کی شناخت کی جاچکی ہےاوراُس کا انتباہ کےتحت انٹرویو کیا جاچکا ہے، یا تو گرفتاری کےبعد یا رضاکارانہ طورپر۔ آپ کو نظرثانی کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہےاگرپولیس فیصلہ کرتی ہے:

- ایسے مقدمات میں کاروائیاں نہ کرنے کا جہاں وہ الزام عائد کرنے کا اختیار رکھتےہیں؛ یا جہاں
- مقدمہ معاملے کو الزام عائد کرنےکے فیصلےکےلئےکراؤن پراسیکیوشن سروس کی طرف ریفر کرنےکےلئےٹیسٹ پر پورا نہیں اُترتا۔

**کراؤن پراسیکیوشن سروس**

وکٹمز رائٹ ٹو ریویو اسکیم مظلومین کوحق دیتی ہےکہ وہ کراؤن پراسیکیوشن سروس کےالزامات عائد نہ کرنےیا کاروائیوں کو ختم کرنےکےفیصلے کی نظرثانی طلب کرے۔ اسکیم کےتحت آپ مندرجہ ذیل فیصلوں کی نظرثانی طلب کرسکتےہیں:

- الزام عائد نہ کرنےکا؛
- تمام الزامات کوموقوف کرنے کا(یا میجسٹریٹس کورٹ میں واپس لے لینے کا)، نتیجے میں تمام کاروائیوں کو ختم کرتےہوئے؛
- تمام کاروائیوں میں کسی شہادت کی پیشکش نہ کرنےکا؛ یا
- کاروائیوں میں تمام الزامات کو'فائل پررہنےدینےکا' (یہ وہ اصطلاح ہےجوایسےحالات میں استعمال کی جاتی ہےجہاں کراؤن پراسیکیوشن سروس آگے نہ بڑھنےکا فیصلہ کرتی ہے اوردرخواست کرتی ہےکہ الزامات کو'فائل پرپڑےرہنےدیا جائے'، اس عبارت کےساتھ 'کہ اس کوعدالت یا کورٹ آف اپیل کی اجازت کےبغیرآگےنہ بڑھایا جائے')

6.12 اگرآپ کسی مخصوص مقدمے میں مظلوم ہیں[فٹ نوٹ 34] جس میں کراؤن پراسیکیوشن سروس آپ کو مشتبہ پرالزام عائد نہ کرنےکےفیصلےکےبارےمیں بتاتی ہے، توآپ کو حق حاصل ہےکہ آپ کوایک ملاقات کی پیشکش کی جائے جب تک کراؤن پراسیکیوشن سروس یہ فیصلہ نہیں کرتی کہ ملاقات واقع نہیں ہونی چاہیے۔
شاذونادرمواقع پر، جہاں کراؤن پراسیکیوشن سروس یہ فیصلہ کرتی ہے کہ ایک میٹنگ موزوں نہیں ہے، اس فیصلےکی آپ کووضاحت کی جائےگی۔

6.13 اگرمشتبہ پرکسی جُرم(جرائم) کا الزام عائد کیا جاتا ہے، توآپ کو پولیس کی طرف سے5 دفتری دنوں کےاندر بتائے جانے کا حق حاصل ہے(اضافہ شدہ حقوق کی صورت میں دفتری دن کےاندر 1) اس بارےمیں؛

- وہ جُرم جس کا اُس پرالزام عائد کیا گیا ہے؛
- پہلی عدالتی سماعت کی تاریخ، وقت اورمقام؛ اور
- جہاں مشتبہ کوعدالت میں حاضر ہونےکےلئے پولیس کی ضمانت پررہا کیا جاتا ہے، ضمانت کی کسی شرائط اورضمانت کی ان شرائط میں کسی تبدیلیوں کےبارےمیں۔

6.14 اگرآپ اہل ہونے والےکسی مقدمے میں سوگ منانے والےکوئی قریبی عزیز ہیں[فٹ نوٹ 35] توآپ کو حق حاصل ہےکہ آپ کوپیشگی طورپریا فیصلے کے بعد اس بارےمیں کراؤن پراسیکیوشن سروس کےساتھ ایک میٹنگ کی پیشکش کی جائےکہ کسی مشتبہ پرالزام عائد کیا جائے یا نہیں۔ اگرالزام عائد کرنے کا فیصلہ کیا جاتا ہے، توکراؤن پراسیکیوشن سروس وضاحت کرےگی کہ مقدمے کا کیسے آگے بڑھنے کا امکان ہےاوروہ کسی ایسے سوالات کےجوابات دیں گےجو ہوسکتا ہےآپ رکھتےہوں۔ کراؤن پراسیکیوشن سروس آپ کی ضروریات پربھی بات چیت کرےگی اورمشترکہ طورپراس پراتفاق کرےگی کہ آپ کوکتنی باقاعدگی کےساتھ تازہ کاریاں موصول ہونگی۔

6.15 اگر، مشتبہ پرکسی جُرم (جرائم) کا الزام عائد کردینےکےبعد، کراؤن پراسیکیوشن سروس کسی الزام کوروک دینے اور کسی اورکےساتھ آگے بڑھنے، الزام میں کوئی بڑی تبدیلی کرنےیا مقدمے کو روک دینے کا فیصلہ کرتی ہے، توآپ کواس کی وجہ بتائے جانے کا حق حاصل ہے اور، جہاں فیصلہ مقدمے کو روک دینے کا ہے، تو کراؤن پراسیکیوشن سروس کی وکٹمز رائٹ ٹوریویو اسکیم کےتحت نظرثانی کےلئے کیسے کہنا، ہے اگرآپ اُن کے فیصلے سے اتفاق نہیں کرتے۔

## حق 7: مظلوم کا ذاتی بیان دینے کا

7.1 آپ کو اپنے الفاظ میں یہ وضاحت کرنےکے لئے مظلوم کا ذاتی بیان (وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ) دینےکا حق حاصل ہےکہ کسی جُرم نےآپ کوکیسے متاثرکیا ہے، چاہےجسمانی، جذباتی، مالی طورپریا کسی اورطرح۔ یہ شہادتی بیان سے مختلف ہے۔ وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ پرجج یا مجسٹریٹ کی طرف سے غورکیا جاتا ہےجب وہ یہ فیصلے کررہےہوں کہ مدعاعلیہ کو کیا سزا ملنی چاہیےاوراس کےعلاوہ یہ خدمت کے مہیا کنندگان کواس پرغورکرنے میں بھی مدد دیتا ہےکہ آپ اور/یا آپ کےخاندان کو کس اضافی مدد کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

7.2 اگرآپ سوگ منانے والے قریبی رشتہ دارہیں، توآپ کوایک وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ دینےکا اورایسا کرتےوقت کسی کو اپنے ساتھ رکھنے کا حق حاصل ہے، اس بات کی پرواہ کئےبغیرکہ کیا آپ نے کوئی شہادتی بیان دیا ہے۔

7.3 یہ فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کےلئے کہ کیا آپ یہ دینا چاہتےہیں، آپ کوپولیس کی طرف سےجُرم کی اطلاع دینےکےوقت وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کےطریقہ کارکےبارےمیں معلومات مہیا کئے جانے کا حق حاصل ہے۔ اگرآپ ایک ذاتی بیان دینا چاہتےہیں، توآپ سےاس بارےمیں آپ کی ترجیح کے بارےمیں پوچھا جائے گا کہ کیا آپ اپنا بیان عدالت میں بہ آوازبلند پڑھنا چاہیں گےیا چاہیں گےکہ اسےآپ کی جانب سے کسی کی طرف سے پڑھا جائے۔ آپ پولیس سے ایک نقل کی درخواست بھی کرسکتےہیں اورآپ کوایک اضافی ذاتی بیان دینےکا موقع دیا جائےگا جو جُرم کے تبدیل ہونےوالے اثرکی عکاسی کرسکے۔

7.4 اگرمدعاعلیہ خود کو قصوروارتسلیم کرلیتا ہے، یا اُسے قصوروارپایا جاتا ہے، اورآپ نے کہا ہےکہ آپ کا بیان عدالت میں بہ آوازبلند پڑھا جائے (یا چلایا جائے)، توجج یا میجسٹریٹ یہ فیصلہ کرےگا کیا اورآپ کےذاتی بیان کےکون سےحصوں کوبہ آوازبلند پڑھا جائے(یا چلایا جائے)، اوریہ کس کو پڑھنا چاہیے۔ جج یا میجسٹریٹ تب ہمیشہ آپ کی ترجیح کومدنظررکھے گاجب وہ اپنا فیصلہ کررہا ہوگا، جب تک ایسا نہ کرنےکی معقول وجہ نہ ہو۔ وٹنس کیئریونٹ آپ کو جج یا میجسٹریٹ کے فیصلے سےآگاہ کرےگا۔

7.5 آپ کےلئے اپنا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ خود پڑھنا یا آپ کی جانب سے کسی سے پڑھوایا جانا لازمی نہیں ہے۔ اگرآپ پہلے اپنا ذاتی بیان بلند آواز میں پڑھنے کا انتخاب کرتےہیں لیکن بعد میں فیصلہ کرتےہیں کہ آپ یہ نہیں کرنا چاہتے، توآپ اپنا ارادہ تبدیل کرسکتےہیں۔ آپ کے ذاتی بیان پرجج یا مجسٹریٹ کی طرف سے اُسی طرح غورکیا جائےگا، چاہے اس کوعدالت میں بہ آواز بلند پڑھا (یا چلایا) جاتا ہےیا نہیں۔

7.6 کسی کاروباری ادارےکےوکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ دینےکےقابل ہونےکےلئےرابطےکےنامزد مقام کےعلاوہ، تمام سائزوں کے کاروباری ادارےکاروبارکےلئے امپیکٹ اسٹیٹمنٹ دے سکتےہیں۔ یہ ایک وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کی طرح ہوتا ہےاوراس کو عدالت میں اُسی طرح استعمال کیا جائےگا، لیکن یہ کاروبار کووضاحت کرنےدیتا ہےکہ کسی جُرم نے اُس کو کیسے متاثرکیا ہے، جیسا کہ براہ راست مالی نقصان، کام کرنےمیں خلل یاشہرت کا نقصان۔

7.7 رابطے کا نامزد شدہ مقام یہ حق رکھتا ہےکہ اُسے پولیس کی طرف سےکاروبار کے طریقہ کارکےلئے امپیکٹ اسٹیٹمنٹ کے بارےمیں معلومات مُہیا کی جائیں جب وہ جُرم کی اطلاع دے رہےہوں، تاکہ یہ فیصلہ کرنے میں اُن کو مدد مل سکےکہ کیا کاروبار یہ بیان دینا چاہتا ہے۔

7.8 وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ اوربزنس امپیکٹ اسٹیٹمنٹ کے طریقہ کارکےبارےمیں مزید معلومات پولیس سے اوریہاں پر دستیاب ہیں: www.gov.uk/government/publications/victimpersonal-statement

**میں وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کب دے سکتا ہوں؟**

آپ مُجرم کو سزا دئیے جانے سے پہلے کسی بھی وقت ایک وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ دے سکتےہیں، تاہم ہوسکتا ہےآپ کو تب یہ دینے کا موقع نہ ملےجب عدالتی سماعت شروع ہوچکی ہو، خاص طورپر تب اگرمُدعاعلیہ خود کو قصوروار تسلیم کرلیتا ہے۔ بہت سے مظلومین کےلئے، وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ دینے کا بہترین وقت تب ہوتا ہےجب اُنہیں بتایا جاتا ہےکہ مشتبہ پرالزام عائد کردیا گیا ہےاورجُرم کا مکمل اثر واضح ترہوسکتا ہے۔ پولیس تب بھی آپ سےابتدائی اثرکی تفصیلات کےلئے کہ سکتی ہےجب وہ آپ کی ضروریات کی تشخیص کررہےہونگےیا آپ کا شہادتی بیان لےرہےہونگے۔

**کیا میں اپنا ارادہ تبدیل کرسکتا ہوں یا اپنے وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کی تجدید کرسکتا ہوں؟**

جب آپ اپنا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ دے چُکے ہوں، تویہ عدالتی کاغذات کا حصہ بن جاتا ہےاورآپ اُسے واپس نہیں لےسکتے یا اُس میں تبدیلی نہیں کرسکتے۔ تاہم، اگرآپ کوکوئی اہم چیز یادآتی ہے، یا اگرسمجھتےہیں کہ آپ پرجُرم کا اثرتبدیل ہوچُکا ہے، توآپ ایک اور بیان دے سکتےہیں۔

**کیا مدعاعلیہ میرا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ دیکھنےکےقابل ہوگا؟**

اگرمقدمہ عدالت میں پہنچتا ہے، تومدعاعلیہ کوعام طورپر آپ کا ذاتی بیان پڑھنے کی اجازت دی جائےگی۔ جیسا کہ دوسری شہادت کےساتھ ہوتا ہے، اگرعدالت اتفاق کرتی ہےکہ یہ مقدمے سے متعلقہ ہے، تودفاع آپ سے آپ کے ذاتی بیان کے مندرجات کے بارےمیں سوالات پوچھ سکتا ہے۔ اگرآپ کے بیان کو عدالت میں بہ آواز بلند پڑھا جاتا ہے، توجو کہا گیا ہے اُس کومیڈیا کی طرف سےرپورٹ کیا جاسکتا ہے۔

**مزید سوالات یاآپ کا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ ریکارڈ کرنےمیں مدد**

اگرآپ وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ دینےکےبارےمیں سوالات رکھتےہیں، اس کو کیسے استعمال کیا جائےگا یا کیا شامل کرنا ہے، توآپ پولیس، وٹنس کیئر یونٹ یا جُرم کےشکارافراد کے لئےکسی معاون خدمت کےساتھ بات کرسکتےہیں۔ وہ بھی اسے ریکارڈ کرنے میں آپ کی مدد کرسکتےہیں۔

## پیرول کی سماعات یا ٹیریف ریویو سماعات میں وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ[فٹ نوٹ 36] hearings

7.9 آپ کہ سکتےہیں کہ آپ کے اصل وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کو ٹیریف ریویوسماعات اورپیرول بورڈ سماعات پراستعمال کیا جائے۔ تاہم، آپ کوان سماعات کےلئے ایک نیا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ لکھنے کا حق حاصل ہے، جہاں آپ یہ وضاحت کرنےکےقابل ہیں کہ کیسےجُرم آپ/اوریا آپ کےخاندان کو متاثرکرنا جاری رکھےہوئے ہے اوریہ کہ ان سماعات میں سے کسی کا نتیجہ آپ کو کیسے متاثر کرسکتا ہے۔ پیرول بورڈ کودیے گئے وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ پرمختلف قوانین لاگوہوتےہیں(دیکھیں حق 11).

# حق 8: مقدمے، مقدمےکےطریقہ کردار اورگواہ کےطورپرآپ کےکردار کے بارےمیں معلومات مہیا کیا جانا

8.1 اگرمقدمہ عدالت میں جاتا ہے، توآپ کووٹنس کیئریونٹ کی طرف سے5 دفتری دنوں کے اندربتائے جانے کا حق حاصل ہے(اضافہ شُدہ حقوق کےتحتدفتری دن کےاندر 1) اُن کی طرف سے عدالت سے معلومات وصول کرنےکے، جومتعلقہ سماعت کےنتیجےکے5 دفتری دنوں کےاندرہوگا۔

- کسی سماعت کا وقت، تاریخ اورمقام (تمام مظلومین کےلئے 1دفتری دن کےاندر)؛
- ضمانت سے متعلق کسی سماعت کا نتیجہ (اورضمانت کی متعلقہ شرائط، اورضمانت کی ان شرائط میں کوئی متعلقہ تبدیلیاں اوران تبدیلیوں کی وجوہات)؛
- اگرمشتبہ کے لئے گرفتاری کا وارنٹ جاری کیا گیا ہے اورکسی سماعت کا نتیجہ، اگرمشتبہ کو دوبارہ گرفتارکیا جاتا ہے؛ اور
- کسی سماعت کا نتیجہ اگرمشتبہ کودوبارہ گرفتارکیا گیا ہے۔

8.2 اگرمشتبہ خود کوقصوروارتسلیم کرلیتا ہےاورآپکےلئے عدالت میں حاضر ہونا ضروری ہے، آپ کوحق حاصل ہے کہ:

- آپ کو 1دفتری دن کے اندر (تمام مظلومین کےلئے) وٹنس کیئریونٹ کے بارےمیں بتایا جائے، اُن کی طرف سےکراؤن پراسیکیوشن سروس کی طرف سے معلومات وصول کرنے کےبعد؛
- آپ کی ضروریات کی تشخیص کی جائے اورکسی وٹنس سپورٹ سروس کی طرف ریفرل کی پیشکش کی جائےجومقدمے کی تاریخ سے پہلےعدالت کے دورے کا بندوبست کرسکتےہیں تاکہ آپ خود کوعمارت سے واقف کرسکیں یا کوئی دیگر سپورٹ سروس (دیکھیں حق 4)؛ اور
- آپ کوخصوصی اقدامات کی کسی درخواست کےنتائیج کے بارےمیں بتایا جائے(دیکھیں حق4)۔

8.3 اگرآپ کےلئے گواہی دینا ضروری ہے، توآپ اپنا شہادتی بیان پڑھنے(یا دیکھنےسے، اگراس کوریکارڈ کیا گیا ہے) سے اپنی یادداشت تروتازہ کرنےکےقابل ہونگے۔ جہاں ممکن ہو، اگرعدالت اجازت دیتی ہے، تو استغاثہ آپ کے عدالت میں جانے سے پیشترآپ سے ملے گا تاکہ وضاحت کرسکےکہ کیا واقع ہوگا اورکسی ایسے سوالات کے جوابات دے گا جوہوسکتا ہےآپ رکھتےہوں۔

8.4 اگرآپ سوگ منانے والے کوئی قریبی عزیز ہیں، توآپ کو اپنےفیملی لائیزان افسر یا وٹنس یونٹ کیئر سے درخواست کرنےکا حق حاصل ہے، مقدمے کی تاریخ سےپہلےعدالت کا دورہ کرنے کےلئے، تاکہ آپ خود کوعمارت سے واقف کرا سکیں، اس بات کی پرواہ کئے بغیر کہ کیا آپ کےلئے گواہی دینا ضروری ہے۔ آپ کو کراؤن پراسیکیوشن سروس پراسیکیوٹریا ایڈووکیٹ کےساتھ ملاقات کی پیشکش کئے جانےکا حق بھی حاصل ہےجوعدالت میں مقدمہ پیش کررہے ہونگے۔ یہ میٹنگ عام طورپر مقدمے سے پہلے واقع ہوگی اوریہ آپ کےلئےخود کو متعارف کرانےاورکوئی سوالات پوچھنے کا موقع ہے جوہوسکتا ہےآپ رکھتےہوں۔

8.5 عدالت میں حاضرہوتےہوئے، اورجہاں ممکن ہو، آپ اُس راستےسےمختلف راستےسے داخل ہوسکیں گےجس سے مدعاعلیہ داخل ہوگا اوراپنے مقدمےکی سماعت کئے جانےسے پہلےاور بعد میں علیحدہ انتظارگاہ میں انتظارکرسکیں گے۔ کچھ عدالتی عمارات اس وقت مظلومین کےلئے داخلےکےعلیحدہ راستے نہیں رکھتیں، تاہم، جہاں مطلع کیا گیا ہو، ہرمیجسٹیز کورٹس اینڈ ٹربیونلز سروس کا عملہ یہ یقینی بنانےکےلئے انتظامات کرےگا کہ آمد پرآپ کومدعاعلیہ کونہ دیکھنا پڑے۔

8.6 مقدمے کے دوران، ہوسکتا ہےآپ کو گواہی دینےکےلئے انتظار کرنا پڑے، ہرمیجسٹیز کورٹس اینڈ ٹربیونلزسروس کا عملہ آپ کو عدالت میں رابطے کا ایک مقام مہیا کرےگا(جووٹنس سپورٹ سروس کا کوئی رُکن ہوسکتا ہے) تاکہ آپ کومقدمےکی ترقی کےبارےمیں تازہ ترین معلومات سے آگاہ کیا جاتا رہے اوروہ یا کراؤن پراسیکیوشن سروس پراسیکیوٹر یا ایڈووکیٹ آپ کو بتائےگا کہ آپ کی طرف سے کتنی دیرانتظارکرنے کا امکان ہے۔

8.7 بعض اوقات آپ کو کسی اوردن عدالت میں واپس آنے کی ضرورت پیش آسکتی ہے، اگرایسا واقع ہوتا ہے، توہرمیجسٹیز کورٹس اینڈ ٹربیونلز سروس کا عملہ یا کراؤن پراسیکیوشن سروس پراسیکیوٹریا ایڈووکیٹ آپ کو اس کی وجہ سےآگاہ کریں گے۔

**عدالت میں حاضرہوتے وقت مدد**

عدالت میں حاضرہونا پڑنا کسی بھی مظلوم کےلئے ایک پریشان کُن تجربہ ہوسکتا ہے۔ تاہم، آپ سے مقدمے سے پہلے وٹنس کیئریونٹ کی طرف سے رابطہ کیا جائے گا۔ پیراگرافس 8.1، 8.2 اور8.4 میں درج فہرست کئے گئےحقوق مہیا کرنے سمیت، وہ آپ کی مدد کےلئے عملی رہنمائی اورمشورہ مہیا کرسکتےہیں۔ اس میں شامل ہے:

- اس بارےمیں بتایا جانا کہ عدالت میں کیا توقع کی جائے اورکسی ایسے سوالات کے جوابات دینا جوہوسکتا ہےآپ عدالتی عمل کے بارےمیں رکھتےہوں؛
- اگرمظلوم 18سال سےکم عمرہے، تونوجوان گواہان کےلئےمعلومات دئیےجانا۔
- عدالت تک پہنچنےکےلئےہدایات اورمنصوبہ بندی اور/یا سفرکے انتظام یا رہائش گاہ کےحوالے سے مدد کی پیش کش کئےجانا؛

- چائلڈ کیئریا اضافی معاونت کا انتظام کرنے میں مدد کی پیشکش کئےجانا تاکہ آپ کوعدالت میں حاضرہونے دیا جاسکے؛
- گواہ کے اخراجات اورالاؤنسز کلیم کرنےکےبارےمیں معلومات مہیا کئےجانا؛
- کراؤن پراسیکیوشن سروس کی طرف ریفرکئےجانا، جوکسی ایسے سوالات کے جوابات دیں گےجوہوسکتا ہےآپ سزا کےبارےمیں رکھتےہوں جن کا وٹنس کیئریونٹ جواب دینے کے قابل نہ ہو؛ اور
- اُن خدمات کی طرف ریفرل کی پیشکش کئے جاناجوآپکی طرف سے عدالت میں حاضرہونےسے پہلے، دوران یا بعد میں معاونت کرتی ہیں۔

# حق 9: مقدمےاورکسی اپیلوں کےنتیجےکےبارےمیں معلومات دئیے جانے

9.1 مقدمےکےاختتام پر، آپ کونتیجے کے بارےمیں بتائے جانے کا حق حاصل ہے، بشمول، جہاں دستیاب ہو، فیصلے کی وجوہات کا مختصر خلاصہ،[فٹ نوٹ 37] وٹنس کیئر یونٹ کی جانب سے، عدالت کی طرف سے اُن کو معلومات کی وصولی کے1 دفتری دن کےاندر، جومقدمےکےنتیجےسے5 دفتری دنوں کےاندرہوگا۔

9.2 اگرمُدعاعلیہ کومُجرم قرار دیا جاتا ہے(قصوروارپایا جاتا ہے)، توآپ کواُس سزا کے بارےمیں بتائے جانےکا حق حاصل ہےجواُسے ملتی ہے، بشمول سزا کےمعنی اوراثر کےبارےمیں ایک مختصروضاحت کے، وٹنس کیئریونٹ کی طرف سے، عدالت سےاُنہیں معلومات موصول ہونےکے1 دفتری دن کےاندر، جو مقدمےکےنتیجے سے 5دفتری دنوں کےاندرہوگا۔ اگرآپ سزا کے بارےمیں کوئی ایسے سوالات رکھتےہیں جن کا وٹنس کیئر یونٹ جواب دینے سے قاصر ہے، توآپ کوکراؤن پراسیکیوشن سروس کی طرف ریفر کئے جانے کا حق حاصل ہے، جوآپ کے ایسےسوالات کے جوابات دیں گےجن کا جواب وٹنس کیئریونٹ دینےکےقابل نہیں ہے۔

9.3 اگرآپ سوگ منانے والے ایک قریبی عزیز ہیں، توآپ کوکراؤن پراسیکیوشن سروس کےساتھ ایک میٹنگ کی پیشکش کئےجانےکا حق حاصل ہے:

- سزا دہی کےبعد، لیکن مدعاعلیہ کو سزا دینے کی سماعت سے پہلے، یہ تصدیق کرنے کا کہ ایک وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ دیا گیا ہے یا یہ تصدیق کرنے کا کہ یہ تازہ ترین ہے(یہ میٹنگ عام طورپرعدالت میں واقع ہوگی)؛
- سزا سُنائے جانےکی سماعت کےبعد دی گئی سزا کی وضاحت کا(یہ میٹنگ عام طورپر عدالت میں واقع ہوگی)؛
- ایسے مقدمات میں جہاں مدعاعلیہ کوقصوروار نہیں پایا جاتا یا کسی کم سنگین الزام کےلئےسزا دی جاتی ہے، میٹنگ کی پیشکش مقدمے کےاختتام سے چند ہفتےبعد کی جائےگی، جب تک کراؤن پراسیکیوشن سروس نے یہ فیصلہ نہ کیا ہوکہ یہ نامناسب ہے۔ شاذونادرمواقع پرجن میں وہ یہ فیصلہ کرتےہیں کہ میٹنگ مناسب نہیں ہے، اس فیصلےکی آپ کووضاحت کی جائےگی۔ میٹنگ کے اصل وقت کوخاندان کی خواہشات سے باخبرکیا جائےگا اورآپ سےاس پربات چیت کرنےکےلئےرابطہ کیا جائےگا کہ یہ کب واقع ہونی چاہیے؛ اور
- قتل کےکسی مقدمے میں جس میں تمام مدعاعلیہان کوتمام الزامات کا قصوروار نہیں پایا جاتا، پولیس اورکراؤن پراسیکیوشن سروس سوگ منانے والے خاندانوں کےلئےنیشنل اسٹینڈرڈ آف سپورٹ میں بیان کئے گئے طریقہ کارپرعمل کریں گے۔ نیشنل اسٹینڈرڈز آف سپورٹ کراؤن پراسیکیوشن سروس کی یہاں پردستیاب ویب سائٹ پردستیاب ہیں: www.cps.gov.uk پولیس کی طرف سے پولیس کے بیریومنٹ پیک کےحصےکے طورپرسوگ منانے والے خاندانوں کوایک نقل مہیا کی جاتی ہے۔

## اگرآپ سمجھتےہیں کہ مجرم کو دی گئی سزا بہت زیادہ کم ہے

9.4 کچھ مقدمات (لیکن تمام نہیں) جن میں کراؤن کورٹ میں سزا دی گئی ہے آپ اٹارنی جنرل[فٹ نوٹ 38] کو کہہ سکتےہیں[فٹ نوٹ 39] کہ وہ سزا پردوبارہ غور کےلئے اُسے کورٹ آف اپیل کی طرف ریفرکرے۔ یہ صرف تب کیا جاسکتا ہےاگراٹارنی جنرل سمجھتا ہےکہ سزاصرف شدت کےبغیر نہیں تھی بلکہ 'ناجائزطورپرنرم' تھی،[فٹ نوٹ 40] جیسا کہ سزا دینے والے جج نے ایک مجموعی غلطی کی تھی یا مقدمےکےحالات میں معقول طورپر دستیاب سزاؤں کے سلسلے سے باہرکوئی سزا نافذ کی تھی۔

9.5 اگراٹارنی جنرل سمجھتا ہےکہ سزا 'ناجائز طورپرنرم' ہونےکےمعیارپرپورا اُترتی ہے، تومقدمے کو کورٹ آف اپیل کو ریفرکیا جاتا ہے۔ اٹارنی جنرل کو لازمی طورپر سزا کے بعد جتنا جلد ممکن ہوسکے معاملے کو زیرغورلانا چاہیےاوراُس دن کےبعد 28 کیلنڈر دنوں سے زیادہ تاخیرسےنہیں جب سزا لاگوکی گئی تھی(کاروباری اوقات میں اورغورکرنےکےلئے کافی وقت کےساتھ)۔ اگرکورٹ آف اپیل اتفاق کرتی ہے، تووہ سزا کوبڑھا سکتی ہے۔

9.6 وٹنس کیئر یونٹ آپ کواسکیم کےبارےمیں بتائے گا، جب آپ کومقدمے میں سزا کے بارےمیں بتایا جاتا ہے۔

## اگرمُجرم اپیل کرتا ہے

9.7 بعض اوقات مجرم عدالت کو مقدمے کا یا سزا کا دوبارہ جائزہ لینےکےلئے کہے گا۔ اس کو اپیل کہا جاتا ہے۔ آگے کیا ہوگا، اس کا انحصار اس پر ہے کہ کیا مجرم کو اپیل کی اجازت دی جاتی ہےاور اگرایسا ہے، تواُس اپیل کےنتیجے پر۔

## اگرسزادہی یا سزا کےخلاف اپیل کےلئےکراؤن کورٹ میں میجسٹریٹس کورٹ میں درخواست دائرکی جاتی ہے۔

9.8 اگرمُجرم کراؤن کورٹ میں اپیل دائرکرتا ہے،توآپ کووٹنس کیئریونٹ کی طرف سےعدالت کی جانب سے اُن کومعلومات موصول ہونےکے1 دفتری دن کےاندرآپ کوبتائے جانے کا حق حاصل ہے، جو سماعت کےنتیجےکے5 دفتری دنوں کےاندر ہے:

- کہ اپیل کا نوٹس دیا گیاہے؛
- کسی سماعت کی تاریخ، وقت اورمقام؛ اور
- اپیل کا نتیجہ، بشمول اصل سزا میں کسی تبدیلیوں کے۔

9.9 اگرآپ اپیل پرحاضر ہونا چاہتےہیں، توآپ کوحق حاصل ہےکہ عدالت کے عملے کو اس کا انتظام کرنےکےلئے کہیں:

- جہاں بھی ممکن ہو، انتظارکرنےکا اورعدالت میں کسی ایسے حصے میں بٹھائے جانے کا جومُجرم اوراُس کےخاندان اوردوستوں سے علیحدہ ہو؛
- کراؤن کورٹ میں رابطے کا ایک مقام مہیا کئےجانےکا؛ اور
- اُن خدمات کے بارےمیں معلومات وصول کرنے کا جو مظلومین کی معاونت کرتی ہیں جہاں موزوں اور دستیاب ہو۔

**اگرکسی سزا دہی یا سزا کےخلاف اپیل کےلئے کورٹ آف اپیل میں کوئی درخواست دی جاتی ہے، یا اگرکسی قانونی نقطے پرکسی فوجداری مقدمے میں یوکےکی سپریم کورٹ میں درخواست یا اپیل دائر کی جاتی ہے**

9.10 اگرمُجرم کورٹ آف اپیل یا یوکے کی سُپریم کورٹ میں اپیل کرتا ہے، توآپ کووٹنس کیئر یونٹ کی طرف سے بتائے جانے کا حق حاصل ہے، 5 دفتری دنوں کے اندر(اضافہ شدہ حقوق کےتحت دفتری دن کےاندر 1) اُن کی طرف سے عدالت سے معلومات وصول کرنےکے، جو متعلقہ سماعت کےنتیجے کے5 دفتری دنوں کےاندر ہوگا:

- اگرمُجرم کو سزا دہی، سزا یا قانونی نقطہ (پوائنٹ آف لاء) کےخلاف اپیل کرنے کی اجازت دی گئی ہے؛
- کسی سماعت، کی تاریخ، وقت اورمقام اوران معلومات میں کوئی تبدیلیاں(تمام مظلومین کےلئے1 دفتری دن کےاندر)؛
- اگرمُجرم کو اپیل سےپہلےضمانت(بیل پری اپیل) پررہا کیا جانا ہےیا اگرضمانت کی شرائط تبدیل کی گئی ہیں (تمام مظلومین کےلئے 1 دفتری دن کےاندر)؛
- کریمینل اپیل آفس یا یوکے سُپریم کورٹ عملے کےلئے رابطے کا نام:
- اپیل کا نتیجہ، بشمول اصل سزا میں کسی تبدیلیوں کے،اور
- کریمینل اپیل آفس یا یوکے سُپریم کورٹ عملے سے مقدمےمیں عدالتی فیصلے کی نقل کےلئے کیسے درخواست کرنی ہےجب یہ شائع کیا جا چُکا ہے۔

9.11 اگرآپ اپیل پرحاضر ہونا چاہتےہیں، توآپ کوحق حاصل ہے کہ عدالتی عملہ یا سُپریم کورٹ کا عملہ اس کا انتظام کرے:

- جہاں ممکن ہو، انتظارکرنےاورایک ایسے حصے میں بیٹھائے جانے کا جومُجرم اوراُس کےخاندان اور دوستوں سےعلیحدہ ہو؛ اور
- آپ کے لئے خصوصی انتظامات کئے جانے کا اگرمُجرم حاضر ہے اورآپ کمرہ عدالت میں بیٹھنا نہیں چاہتے(یہ کبھی کبھارہی ہوتا ہے کہ مُجرم سُپریم کورٹ میں سماعات پر حاضر ہو)۔

9.12 مجرم کو اپیل کرنے کی اجازت دینے کا فیصلہ کرنےکےبعد، اگرآپ سوگ منانے والے قریبی عزیز ہیں، توآپ کواپیل کی نوعیت اورعدالتی طریقہ کاران کی وضاحت کےلئے کراؤن پراسیکیوشن سروس کےساتھ میٹنگ کی پیشکش کئے جانے کا حق حاصل ہے۔

9.13 کسی سزا کےخلاف اپیل کا فیصلہ کرنے میں، عدالت وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کو ہمیشہ مدنظررکھے گی جس پر سزا دینے والی عدالت کی طرف سے غور کیا گیا تھا۔

9.14 عام طورپر یہ ضروری نہیں ہے کہ ایک مزید ذاتی بیان کورٹ آف اپیل کو مہیا کیا جائے۔ تاہم، اگراس بارےمیں معلومات موجود ہوں کہ عدالت کو اُس جاری اثر کےبارےمیں جاننا چاہیے جوجُرم نےآپ پرڈالا ہے، تو ایک نیا یا مزید وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ پولیس یا کراؤن پراسیکیوشن سروس کےذریعے عدالت کو بھیجا جاسکتا ہے۔

**کریمینل کیسز ریویو کمیشن**

9.15 کریمینل کیسز ریویو کمیشن انگلینڈ، ویلز اورشمالی آئرلینڈ میں فوجداری انصاف کی مبینہ بے انصافیوں کی تفتیش کرتا ہے۔ کوئی مُجرم کمیشن کودرخواست دے سکتا ہےکہ اُس کی سزا دہیوں/ یا سزا پرنظرثانی کی جائے،

اگرکوئی نئی معلومات یا نئی دلیل موجود ہےجس کا یہ مطلب ہوسکتا ہےکہ سزا دہی غیرمحفوظ ہےیا سزا حد سےطویل ہے۔

9.16 کسی مقدمے کی نظرثانی کرتےہوئے، کمیشن، آپ پرممکنہ اثر کی جانچ کرےگا اورفیصلہ کرےگا کہ کیا آپ کو مطلع کیا جانا چاہیے۔

9.17 عام طورپرکمیشن آپ سےرابطہ کرنے کی کوشش نہیں کرےگا صرف اس وجہ سے کہ اُنہوں نے کوئی درخواست موصول کی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ زیادہ تر نظرثانیاں کورٹ آف اپیل کی طرف ریفرل کی طرف نہیں لے کرجائیں گی اوراس وجہ سےآپ کو خبردار کرنے کی ضرورت نہیں کہ مجرم نے اپیل کی ہے۔ تاہم، کمیشن آپ کو بتائے گا اگروہ یہ سمجھتےہیں کہ اس بات کا معقول امکان موجود ہےکہ آپ کو یہ پتہ چل سکتا ہے کہ وہ کسی مقدمے کا جائزہ لے رہےہیں، میڈیا کےذریعے یا کسی اورذریعہ سے۔ کمیشن آپ کو کسی درخواست کے بارے میں مطلع کرنےکےلئے عام طورپر پولیس کے ساتھ کام کرےگا اورآپ سے دوبارہ رابطہ کرےگا جب اس بارےمیں کوئی فیصلہ کیا جاتا ہےکہ کیا وہ مقدمے کو ریفر کرتےہیں۔

9.18 اگرکمیشن یہ فیصلہ کرتا ہے کہ نظرثانی کےدوران آپ سے رابطہ کرنا موزوں نہیں ہے، لیکن بعد میں سزا دہی یا سزا کو عدالتوں کی طرف ریفرکرنے کا فیصلہ کرتا ہے، توکمیشن آپ سے رابطہ کرنے کی اپنی بہترین کوشش کرے گا، پیشتر اس کےکہ مقدمے کو ایک اپیل کےلئے ریفرکیا جاتا ہے۔

## حق 10: اخراجات ادا کئےجانا اورملکیتی اشیاء واپس کئےجانا

10.1 اگرآپ گواہی دینےکےلئے عدالت میں[فٹ نوٹ 41] حاضر ہوتےہیں، تو آپ کوکراؤن پراسیکیوشن سروس سےبعض اخراجات کلیم کرنے کا حق حاصل ہے،[فٹ نوٹ 42] مثال کےطور پر، سفر، بچے کی دیکھ بھال، کمائیوں کےنقصان، ریفریشمنٹس اور کھانوں کےلئے(مزید معلومات کراؤن پراسیکیوشن سروس کی یہاں موجود ویب سائٹ پردستیاب ہیں: www.cps.gov.uk). وٹنس کیئریونٹ مدد کرنےکےقابل ہوگا اگرآپ اخراجات کا کلیم کرنےکےبارےمیں کوئی سوالات رکھتےہیں۔

10.2 کراؤن پراسیکیوشن سروس واجب الادا اخراجات درست طورپر مکمل کئے گئے کلیم فارم کی وصولی کے 10 دفتری دنوں کےاندرادا کرے گی۔

10.3 اگرپولیس نے ثبوت کے طورپرآپ کی ملکیتی اشیاء میں سے کوئی لی تھی، توآپ کواُسے اُس کےجتنا جلد بعد ممکن سکےواپس لینے کا حق حاصل ہےجب اُس کی مزید ضرورت نہ ہو۔ پولیس مدد کرنےکےقابل ہوگی اگرآپ اپنی ملکیتی شہ کی واپسی کے بارےمیں کوئی سوالات رکھتےہیں۔

## شہ 11: سزا دہی کے بعد مُجرم کےبارےمیں معلومات دئیے جانا

**وکٹم کانٹیکٹ اسکیم**

11.1 اگرآپ کوئی مظلوم ہیں یا سوگ میں موجود خاندانی رشتہ دار ہیں اورمُجرم کو کسی مخصوص پُرتشدد یا جنسی جُرم کےلئے مُجرم قرار دیا گیا تھا، 43 اور12 ماہ یا اس اسے زیادہ عرصے کےلئےجیل کی سزا دی گئی ہے44 (یا اُسے کسی پابندی کےساتھ یا اُس کے بغیر مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1983 کےتحت علاج کےلئے کسی ہسپتال میں زیرحراست رکھا گیا ہے45)، توآپ کوحق حاصل ہے کہ آپ کوسزا دہی کے10 دفتری دنوں کےاندر خود بخود نیشنل پروبیشن سروس وکٹم کانٹیکٹ اسکیم کی طرف ریفرکیا جائےاورایک وکٹم لائیزان افسر تفویض کیا جائے۔ وکٹم لائیزان افسرریفرل کے20 دفتری دنوں میں رابطہ کرےگا۔

11.2 جہاں آپ وکٹم کانٹیکٹ اسکیم وصول کرنے کا انتخاب کرتےہیں، آپ کومُجرم کی سزا کے کلیدی مراحل پرمعلومات وصول کرنے کا حق حاصل ہے(دیکھیں 11.3) آپ کسی بھی وقت وکٹم کانٹیکٹ اسکیم سے نکل سکتےہیں اورواپس آسکتےہیں جس دوران میں مُجرم اپنی سزا/ہسپتال آرڈر گزار رہا ہو۔

11.3 وکٹم لائیزان افسرآپکو بتائے گا:

- عدالتی سزا کے کیا معنی ہیں، مُجرم کے جیل یا ہسپتال میں زیرحراست ہونےکےحوالےسے، اورکیا اُس کی سزا میں کوئی تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں؛
- جب کوئی مُجرم جیل میں اس کاا اہل ہوجاتا ہےکہ اُسےکُھلی حالتوں میں منتقل کرنے پرغور کیا جائے؛
- اگرکوئی قیدی کھُلی حالتوں میں منتقل ہوتا ہے؛
- جب کسی مُجرم کو رہائی یا مشروط رہائی کےلئے زیرغورلایا جارہا ہو؛
- جب مُجرم کو رہا کیا جارہا ہو، یا ہسپتال سےڈسچارج کیا جارہا ہو اوراگراُسے جیل یا ہسپتال میں واپس بُلایا جاتا ہے؛
- وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کیسے دینا ہےجہاں یہ فیصلہ کرنا پیرول بورڈ کی ذمہ داری ہوکہ کیا مُجرم کو جیل سےرہا کیا جائے؛
- اپنا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ پڑھنےکےلئے پیرول بورڈ کو کیسے درخواست دینی ہے، یا اسے آپ کی جانب سے کیسے پڑھا جائے، یا اُن مقدمات میں پہلے سے کی گئی ریکارڈنگ کیسےکرنی ہےجہاں پیرول بورڈ ایک زبانی سماعت منعقد کرتی ہے؛
- لائسنس/ڈسچارج کی شرائط کےلئے کیسے درخواست کرنی ہےتاکہ آپ کا معاشرے میں سامنا کرنےکےامکانات کو کم کیاجائے، یا اُسے آپ سےرابطہ کرنے سے منع کیا جائے؛
- لائسنس/ڈسچارج کی کوئی شرائط جن کا آپ سے تعلق ہےاوروہ تاریخ جب وہ ختم ہونگی یا جہاں اُنہیں تبدیل کرنے یا اُن میں تبدیلی کرنےکی درخواست کی گئی ہے؛
- پیرول بورڈ کے فیصلےکےخُلاصہ کےلئے کیسے درخواست دینی ہےاورکوئی نمائندگی کرنا کیسے طلب کرنا ہے جہاں پیرول بورڈ فیصلہ کرتا ہےکہ مُجرم رہائی کے لئے محفوظ ہے؛
- اگرمُجرم حراست سے فرار ہوجاتا ہےیا مفرور ہوجاتا ہے؛
- معلومات کےلئے کیسے کہنا ہےاگرمُجرم کو سنگین ترین جُرم کےلئے سزا دی جانی ہے(دیکھیں 11.18 - 11.19)؛ اور
- دوبارہ غورکرنےکی درخواست کیسے کرنی ہے(جہاں اہل ہوں)(دیکھیں 11.9 - 11.10)۔

11.4 قانونی جرائم کےعلاوہ جن میں وکٹمز کانٹیکٹ اسکیم کی پیشکش کی جاتی ہے، نیشنل پروبیشن سروس مظلومین کوتب بھی اسکیم تک رسائی کی پیشکش کرے گی جہاں مُجرم کوجیل کی 12 ماہ یا اُس سے زیادہ کی سزا دی جاتی ہے(یا اُسے کسی پابندی کےحکم کےساتھ یا اُس کے بغیر مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1983 کےتحت کسی ہسپتال میں علاج کےلئے زیرحراست رکھا جاتا ہے) برائے:

- لاپرواہی یا بے احتیاط ڈرائیونگ سےموت کا باعث بننا (روڈ ٹریفک ایکٹ 1988)؛
- خطرناک ڈرائیونگ سے سنگین چوٹ کا باعث بننا (روڈ ٹریفک ایکٹ 1988)؛ یا
- کسی قریبی یا خاندانی رشتہ داری میں قابو میں رکھنےوالا یا جابرانہ رویہ (سیریس کرائم ایکٹ 2015)۔

## اُن مُجرمان کےشکار جو18 سال سے کم عُمرہیں

11.5 اگرآپ کے مقدمے میں ملوث مُجرم کی عُمر18 سال سے کم ہےاور آپ وکٹمز کانٹیکٹ اسکیم کےلئےاہل نہیں ہیں، تو یوتھ افینڈنگ ٹیم آپ سے براہ راست رابطہ کرسکتی ہے۔ یہ ایسے مقدمات میں ہوتا ہےجن میں کسی نوجوان مُجرم کو قید کی 12 ماہ سےکم مدت کی، کسی غیرجنسی یا غیرمتشدد جُرم میں 12 ماہ یا زیادہ کی سزا دی جاتی ہےیا ایک کمیونٹی بیسڈ حُکم جاری کیا جاتا ہے۔ کوئی کمیونٹی بیسڈ آرڈرکسی ایسے مُجرم پر شرائط لاگو کرتا ہےجوجیل کےبجائےمعاشرےمیں سزا کاٹ رہا ہو۔

11.6 یوتھ افینڈنگ ٹیم سزا دئیےجانےسےپہلےآپ کی آراء طلب کرسکتی ہےاوریہ دریافت کرسکتی ہےکہ کیا آپ کسی ریسٹوریٹو جسٹس پیش قدمی میں شامل ہونا چاہتےہیں(دیکھیں حق 3)، جہاں یہ موزوں اور دستیاب ہو۔

11.7 آپ کو یوتھ افینڈنگ ٹیم کی طرف سے مندرجہ ذیل معلومات وصول کرنے کا حق حاصل ہے:

- درخواست کرنے پرمُجرم کےمقدمےکی ترقی کےبارےمیں معلومات؛ اور
- موزوں خدمات کےبارےمیں معلومات جومظلومین کی معاونت کرتی ہیں اگرآپ اُنہیں اضافی تعاون کےلئے کہتےہیں۔

## پیرول بورڈ

11.8 پیرول بورڈ[فٹ نوٹ 46] لازمی طورپر:

- اُن تمام نمائندگیوں پرغور کرےجولائسنس کی شرائط کے بارےمیں مظلومین نے کی ہیں؛ جہاں کسی مظلوم نے لائسنس کی شرط کی درخواست کی ہے جس کو شامل نہیں کیا گیا ہے، یا اُس میں ترمیم کی گئی ہے، اوراس شامل نہ کئےجانےیا ترمیم کے لئےوضاحت مہیا کرے؛
- وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ پڑھےاگرکوئی جمع کرایا گیا ہے؛
- مظلوم کی طرف سےسماعت پرحاضرہونےاوراپنا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ پڑھنےیا اُسے اُس کی جانب سے کسی کی طرف سے پڑھوائے جانے کی اجازت کےلئےکسی درخواست پرغور کرے؛
- جب تک ایسا نہ کرنےکی کوئی معقول وجہ نہ ہو، بیان کوسماعت پر مظلوم یا اُس کی جانب سے کسی کی طرف سے پڑھے جانے سے اتفاق کرے؛ اور
- درخواست کرنے پرپیرول کےفیصلےکا خُلاصہ مہیا کرے جب تک ایسا نہ کرنے کی کوئی معقول وجہ موجود نہ ہو۔[فٹ نوٹ 47]

**پیرول بورڈ اوروکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ**

**میں پیرول بورڈ کو اپنا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کب دے سکتا ہوں؟**

آپ پیرول ریویو کی طرف جاتےہوئےاپنا نیا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کسی بھی وقت دے سکتےہیں، لیکن یہ کافی وقت پہلے جمع کرایا جانا چاہیےتاکہ پیرول بورڈ اس کو پڑھ سکے۔ اگرپیرول سماعت زبانی واقع ہونی ہےتو وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کم ازکم 8 ہفتے پہلےپیشگی طورپرجمع کرایا جانا چاہیے۔ کسی پیرول سماعت میں اس وجہ سےتاخیرکئےجانےکا امکان نہیں ہےکہ ایک وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ تاخیر سے جمع کرایا جاسکے۔

**کیا میں اپنا ارادہ تبدیل کرسکتا ہوں یا اپنے وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کی تازہ کاری کرسکتا ہوں؟**

آپ اپنے وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ کی تازہ کاری کرسکتےہیں یا ایک نیا بیان لکھ سکتےہیں، لیکن آپ کو پہلے پُرانا ورژن واپس لینا ہوگا۔ آپ ہرپیرول نظرثانی (ریویو) جو واقع ہوسکتی ہے، کےلئےایک نیا بیان لکھ سکتےہیں۔

**کیا مُجرم میرا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ دیکھ سکےگا؟**

مقدم اصول یہ ہےکہ مُجرم پیرول ریویو سےمتعلقہ تمام معلومات کو دیکھے گا، جب تک انتہائی غیرمعمولی حالات میں پیرول بورڈ اس سے اتفاق نہ کرتا ہوکہ یہ مجُرم کےسامنے منکشف نہ کیا جائے۔ یہ طریقہ کارہمارے فوجداری نظام انصاف کےبنیادی اصولوں کے مطابق ہے۔ تاہم، اگرآپ نہیں چاہتےکہ مُجرم آپ کا بیان پڑھے، آپ اپنے وکٹم لائیزان افسرکو کہ سکتےہیں کہ وہ بیان کو روکےرکھنے کےلئے درخواست دے، ایک غیرمنکشف درخواست کےتحت۔ اس بارےمیں قوانین موجود ہیں جن پرعمل کئے جانےکی ضرورت ہوگی، بشمول درخواست دینےکےلئے وقت کی سخت حدود(کسی زبانی سماعت سےپہلےآٹھ ہفتے) کے اورتب کےلئے مخصوص وجوہات جب معلومات روکے رکھی جاسکتی ہیں، جو پیرول بورڈ رولز 2019 میں بیان کی گئی ہیں۔ حتمی فیصلہ پیرول بورڈ کرتا ہے۔ اگربورڈ اتفاق کرتا ہےکہ آپ کا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ منکشف نہ کیا جائے، تو قیدی کا سالیسٹر تب بھی اُسے دیکھ سکےگا، اگرچہ ہوسکتا ہےاُس کےلئے ضروری ہو کہ وہ اسے قیدی کو منکشف نہ کرے۔ اگرآپ عدم انکشاف کےلئے درخواست دیتےہیں اورپیرول بورڈ اسے مسترد کردیتا ہے، توآپ اپنا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ واپس لے سکتےہیں۔

**مزید سوالات یاآپ کا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ ریکارڈ کرنےمیں مدد**

اگرآپ وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ دینے کے بارےمیں کوئی سوالات رکھتےہیں، اس کو کیسے استعمال کیا جائےگا یا کیا شامل کرنا چاہیے، توآپ اپنے وکٹم لائیزان افسر سے بات کرسکتےہیں۔ وہ بھی اپنا ذاتی بیان ریکارڈ کرانے میں آپ کی مدد کرسکتےہیں۔

## پیرول کے فیصلےپرنظرثانی کرنے کے لئے کہنا[فٹ نوٹ 48] (دوبارہ غور کرنےکا طریقہ کار)

11.9 پیرول بورڈ بعض مُجرمان کوپیرول (لائسنس پررہائی) کے لئےیا جیل میں واپس بلا ئے جانے(ری کال) کے بعد دوبارہ رہا کرنے کے لئے زیرغور لاتا ہے اور ایسا عوام کو اُس کی طرف سے لاحق خطرے کی بنیاد پر کرتا ہے۔

11.10 اگرپیرول بورڈ فیصلہ کرتا ہے کہ کسی مُجرم کو رہا کرنا محفوظ ہےتو فیصلہ زیادہ ترمقدمات میں 2149 کیلنڈردنوں کےلئے عبوری ہوتا ہے(ماسوائے معیاری حتمی ری کالز کے)[فٹ نوٹس 50]. سیکرٹری آف اسٹیٹ اس مدت کےدوران پیرول بورڈ کو اپنے فیصلے پردوبارہ غور کرنے کےلئے کہ سکتا ہے، اگروہ قابل استدلال مقدمہ رکھتا ہے:۔ پیرول کےلئے مُجرم کی نظرثانی کےلئے درست طریقہ کارپرعمل نہیں کیا گیا تھا ۔ مثلاً، اہم ثبوت کومدنظر نہیں رکھا گیا تھا؛ یا ۔ فیصلہ غیرعقلی تھا ۔ فیصلے کوخطرے کی اُس شہادت کی بنیاد پرمنصفانہ قرار نہیں دیا جاسکتا جس کی بنیاد پرزیرغورلایا گیا تھا۔

ایک مظلوم کے طورپر، آپ سیکرٹری آف اسٹیٹ کویہ کہتےہوئے ایک درخواست دے سکتے ہیں کہ دوبارہ زیرغورلائےجانےکےلئےایک درخواست دی جاتی ہے، اگرآپ سمجھتےہیں کہ فیصلہ ان ٹیسٹوں میں سے کسی پر پورا اُترتا ہے۔ آپ کی درخواست لازمی طورپر21 دنوں کی عبوری مدت کےاندر جمع کرائی جانی چاہیے۔ سیکرٹری آف اسٹیٹ صرف تب ایسا کرےگا جہاں اس بات کی شہادت موجود ہےکہ معیار پورا کیا گیا ہے۔ آپ کو یہ بتاتےہوئے ایک خط موصول ہوگا کہ کیا سیکرٹری آف اسٹیٹ دوبارہ زیرغورلائےجانےکی درخواست دیتا ہے یا نہیں۔

## سیکسوئیل افینڈر نوٹیفکیشن ریکوائرمنٹس ریویو پروسیس

11.11 رجسٹرڈ جنسی مُجرمان 'اطلاع دئیےجانےکی شرائط' کے ماتحت ہوتےہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ اُنہیں لازمی طورپر پولیس کو اپنی ذاتی تفصیلات میں سے کچھ کے بارےمیں بتانا ہوگا۔ اطلاع دینے کی شرائط کسی سزا دہی یا انتباہ (کاشن) کا ایک خودبخود نتیجہ ہین، جنسی جرائم کے ایکٹ 2003 کےتحت شیڈیول 3 جُرم کےلئے لیکن جس مدت کےلئے مُجرم ان شرائط کے ماتحت رہےگا وہ دی گئی سزا کی بنیاد پرمنحصر ہوگی۔ اطلاع دینے کی شرط کی خلاف ورزی ایک فوجداری جُرم ہےاوراس کی سزا پانچ سال تک قید کی سزا ہے۔

11.12 وہ مُجرم جو زندگی بھر کےلئے اطلاع دینے کی شرائط کے تحت ہیں وہ اپنے پہلے نوٹیفکیشن کے بعد وقت کی ایک مقررہ مدت کےبعد اس کا دوبارہ جائزہ لئے جانےکےلئےدرخواست دے سکتےہی، جو عام طورپر جیل سے رہائی کےوقت واقع ہوتا ہے۔ بالغان کےلئے مقررہ مدت 15 سال اورنابالغوں کےلئے8 سال ہے۔ اگرمُجرم ایسی کوئی درخواست دیتا ہے، تو پولیس تب ایک جائزہ مکمل کرےگی، بشمول یہ جاننےکےلئےخطرے کی ایک تشخیص کہ کیا مُجرم کی اطلاع دینے کی شرائط کو روکا جاسکتا ہے۔ جنسی مُجرم جن کی تشخیص ابھی تک ایک خطرہ ہونےکے طور پرکی جاتی ہے، وہ اطلاع دئیے جانے کی شرط کےماتحت ہونا جاری رکھیں گے اوراگرضروری ہوا تو عمر بھر کےلئے ایسا کریں گے۔

11.13 اگرآپ کسی مُجرم کے جُرم کا شکار ہیں جو ایسی کوئی درخواست دیتا ہے، توآپ کو پولیس کی طرف سے رابطہ کئےجانے کا حق حاصل ہےتاکہ اُن کے جائزہ کے حصے کے طورپر درخواست پراپنی آراء مہیا کرسکیں۔ آپ کا وکٹم لائیزان افسرآپ کو اس عمل کے بارےمیں مزید معلومات مہیا کرےگا۔

**بیرونی ممالک کےشہری مُجرمان**

11.14 اگرآپ کسی ایسے جُرم کا شکار ہوئےہیں جو کسی غیرمُلکی اورمُجرم کی طرف سے کیا گیا تھا:۔ جسے 12 ماہ یا زیادہ عرصے کی سزا ملی ہے، یا ہسپتال آرڈر کی، آپ کےخلاف کسی جُرم کی وجہ سے؛ ۔ آپ کےخلاف جُرم کی وجہ سےکسی عدالت کی طرف سےمُلک بدری کی سفارش کی گئی تھی؛ یا ۔ کسی پُرتشدد یا جنسی جُرم کی وجہ سے جیل میں کسی مدت کےلئے قید کی سزا دی گئی تھی

تو تب آپ کو مُجرم کی مُلک بدری کےبارےمیں معلومات وصول کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ یہ معلومات وصول نہ کرنے کا انتخاب کرسکتےہیں۔ نیشنل پروبیشن سروس(وکٹم لائیزان افسر اورافینڈر مینیجرز) کو لازمی طورپر امیگریشن حکام کےساتھ کام کرنے کےلئے تمام معقول اقدامات کرنے چاہییں، یہ یقینی بنانےکے لئے، کہ جہاں تک ممکن ہوسکے، مُجرم کی امیگریشن حیثیت اورکسی مُلک بدری کےبارےمیں معلومات مظلومین تک پہنچائی جائیں۔

11.15 اگرآپ جُرم کا شکار ہوئے ہیں جیسا 11.14 میں بیان کیا گیا ہے، وکٹمزکانٹیکٹ اسکیم (دیکھیں 11.1) کی طرف سےتفویض کیا گیا آپ کا وکٹم لائیزان افسرآپ کی جانب سے ہوم آفس سےتازہ ترین معلومات حاصل کرنےکےقابل ہوگا۔

11.16 اگرآپ وکٹمز کانٹیکٹ اسکیم کےلئےاہل نہیں ہیں یا آپ نے اسکیم سے باہر نکلنے کا انتخاب کیا ہے، لیکن آپ معیار پرپورا اُترتےہیں (دیکھیں 11.14)، توآپ کوغیرملکی مُجرم کے امیگریشن کیس کےبارے میں تازہ ترین معلومات کےلئےکہنے کا حق حاصل ہے، براہ راست طورپرہوم آفس کی وکٹم سپورٹ ٹیم سے۔

11.17 ہوم آفس کی وکٹم سپورٹ ٹیم آپ کو بتاسکتی ہے:۔ کہ کیا ہوم آفس مُجرم کےخلاف مُلک بدری کی کاروائی کرنے کا ارادہ رکھتا ہے؛ ۔ مُلک بدری کےخلاف کسی اپیل کا حتمی نتیجہ ؛ ۔ مُجرم کو امیگریشن حراست سے کب رہا کیا جارہا ہے؛۔ مُجرم کو کب مُلک بدر کیا گیا ہے؛ یا ۔کیا مُجرم کو مُلک بدرنہیں کیا جارہا ہے اوراگرممکن ہو، توایسا نہ کرنے کی وجوہات۔

**مزید سنگین جُرم کے جائزے**

11.18 ایسی صورت میں کہ کوئی مُجرم ایک مزید سنگین جُرم کا ارتکاب کرتا ہے[فٹ نوٹ 51] جب وہ پروبیشن سروس کے مہیا کنندہ کی طرف سے مزید قانونی نگرانی کےتحت ہے، یا نگرانی ختم ہونےکے بعد جلد ہی، پروبیشن سروسز ایک سیریس فردر افینس ریویو مکمل کریں گے، تاکہ یہ تفتیش کرسکیں کہ مقدمے کا انتظام کیسے کیا گیا تھا اور کیا ایسی بہتریاں واقع ہوئی ہیں یا نہیں جن کی مستقبل کے مقدمات کا انتظام کرنےکےلئےضرورت ہے۔

11.19 سنگین ترین مقدمات میں، پروبیشن سروسز کےمہیا کنندگان مُجرم کی سزا دہی کے بعد مظلوم یا اُس کےخاندان کےساتھ کسی سیریس فردرافینس ریویو سےمعلوم ہونے والی باتوں کا اشتراک کرنے کی پیشکش کریں گے۔ اگریہ واقع ہوتا ہےتوآپ کویہ پوچھے جانےکےلئے وکٹم لائیزان افسر کی طرف سے رابطہ کئےجانے کا حق حاصل ہےکہ کیا آپ پروبیشن سروسز کےمہیاکنندگان کی طرف سے کسی سینئرمینیجرکےساتھ ملنا چاہیں گےتاکہ سیریس فردرافینس ریویو سےمعلومات ہونے والی باتوں کےبارےمیں بات کرسکیں۔

# حق 12: اس بارےمیں شکایت کرنے کا حق کہ آپ کے حقوق پورے نہیں کئےجارہے

12.1 اگرآپ سمجھتےہیں کہ آپ کوکوڈ کےتحت اپنے حقوق میں سے کوئی بھی نہیں ملے ہیں، توآپ شکایت کرسکتےہیں۔ سب سے پہلے، اوراگرآپ ایسا کرنے میں مطمئن محسوس کرتےہیں، توآپ کواپنی شکایت پر اُس شخص کےساتھ بات کرنی چاہیےجس کےساتھ آپ خدمت کےمتعلقہ مہیاکنندہ پر بات کرتے رہےہیں۔

12.2 اگرآپ تب بھی غیرمطمئن رہتےہیں، یا اگرآپ شکایت پراُس شخص کےساتھ بات کرنے میں پُرآرام محسوس نہیں کرتےجس سے آپ بات کرتےرہےہیں، توآپ خدمت کے مہیا کنندہ کےشکایات کےدرونی طریقہ کارکےذریعے شکایت کرسکتےہیں۔[فٹ نوٹ 52] وہ آپ کوشکایات کے طریقہ کار کےبارے میں معلومات مہیا کریں گےاوراس طریقہ کار میں بیان کی گئی وقت کی حدود کے اندرجواب دیں گے۔

12.3 اگرآپ اپنی شکایت خدمت کے غلط مہیا کنندہ کو بھیج دیتےہیں یا اگراس کوایک سےزیادہ مہیا کنندگان کی طرف سے نمٹائے جانے کی ضرورت ہے، تووہ آپ کو اس سے آگاہ کریں گے۔

12.4 اگرآپ خدمت کے مہیا کنندہ کےشکایات کے طریقہ کارکےختم ہوجانےکےبعد بھی مطمئن نہ ہوئے، یا اگروہ آپ کو جواب دینے میں بہت زیادہ وقت لے رہے ہوئے، توآپ اپنےرُکن پارلیمنٹ کو کہ سکتےہیں کہ وہ آپ کی شکایت کو پارلیمینٹری اینڈ ہیلتھ سروس اومبڈسمن کی طرف ریفر کرے۔ اومبڈسمن کسی ایسی شکایات پر غور کرےگا جو اُن کی طرف ریفرکی جاتی ہیں اور، جہاں موزوں ہوا، وہ ایک آزاد تفتیش مکمل کریں گے۔

12.5 اومبڈسمن کو شکایت کرنے کے بارےمیں مزید معلومات یہاں پراُن کی ویب سائٹ پر دیکھی جاسکتی ہیں:www.ombudsman.org.uk یا یہاں موجود اُن کی کسٹمر ہیلپ لائن پر فون کرنےکےذریعے: 0345 4033 015 [فٹ نوٹ 53]

1. وکٹمز کوڈ ڈومیسٹک وائلنس، کرائم اینڈ وکٹمز ایکٹ 2004 کی دفعہ 32 کےتحت سیکرٹری آف اسٹیٹ فارجسٹس کی طرف سے جاری کیا جاتا ہے۔↩

2. قانونی اشخاص (جیسا کہ کاروباری ادارے یا انٹرپرائزز جیسا کہ خیراتی ادارے) کسی مظلوم کی تشریح میں شامل نہیں ہیں۔ تاہم، کاروباری ادارے اوردیگر انٹرپرائزز جیسا کہ خیراتی ادارے اس کوڈ میں خدمات وصول کرسکتےہیں اوراثرکے بارےمیں بیان دے سکتےہیں جہاں اُن کےخلاف فوجداری جُرم کا ارتکاب کیا گیا ہے، خدمت کے متعلقہ مہیا کنندہ سےرابطے کے نامزد مقام کی فراہمی کے

تحت۔ اس بارےمیں مزید معلومات کہ کاروبار پرپڑنےوالے اثر کےبارےمیں بیان کیسے دیا جاسکتا ہے↩امپیکٹ اسٹیٹمنٹ فاربزنس

3. اس کوڈ کے مقاصد کے لئے'فوجداری جُرم' کا مطلب ایک جُرم ہےجس کا ارتکاب کیا گیا ہے، یا فوجداری کاروائیوں کےتحت، انگلینڈ اور ویلز میں۔↩

4. یہ عام طورپرشریک حیات، پارٹنر، براہ راست لائن میں رشتہ دار، بہن بھائی اورمظلوم پرانحصارکرنےوالےہیں۔ خاندان کے دیگر اراکین، بشمول سرپرست اوردیکھ بھال کرنیوالوں کو خدمت کے مہیا کنندہ کی صوابدید پر قریبی رشتہ داران سمجھا جاسکتا ہے۔↩

5. جب تک والد/والدہ یا سرپرست زیرتفتیش ہے یا پولیس کی طرف سےاُس پرجُرم کےحوالےسےالزام عائد نہ کیا گیا ہے یا اگر، ملوث مہیا کنندہ کی معقول رائےمیں، یہ مظلوم کے بہترین مفاد میں نہ ہوکہ آپ کا پیئرنٹ یا گارڈین ایسی خدمات وصول کرے۔↩

6. www.gov.uk/government/publications/the-witness-charter-standards-of-care-for-witnesses-in-the-criminal-justice-system↩

7. یہ شریک حیات، پارٹنر، براہ راست لائن میں رشتہ داران، بہن بھائیوں اورمظلوم پرانحصارکرنیوالوں کا حوالہ دیتا ہے۔ خاندان کے دیگر اراکین، بشمول سرپرست اوردیکھ بھال کرنیوالوں کو فارن، کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس کی صوابدید پر قریبی رشتہ داران سمجھا جاسکتا ہے۔↩

8. دن کے 24 گھنٹے، ہفتےکے7 دن دستیاب اگرآپ برطانیہ میں نہیں ہیں، توآپ اپنے نزدیک ترین برطانوی سفارت خانے، ہائی کمیشن یا کونسلیٹ سےرابطے کی تفصیلات آن لائن دیکھ ↩سکتےہیں

9. ہرمیجیسٹیز پرزن اینڈ پروبیشن سروس کو لازمی طورپرایک ٹیلی فون ہیلپ لائن قائم رکھنا چاہیے(وکٹم ہیلپ لائن) تاکہ یہ یقینی بناسکےکہ مظلومین کےپاس ٹیلی فون کرنےکےلئےایک نمبرموجود ہواگروہ کسی قیدی کی طرف سے غیرمطلوب رابطہ موصول کرتےہیں۔↩

10. سوموار – جمعہ, 9.00صبح – 4.00دوپہر.↩

11. اس میں اس کوڈ کےحقوق 3، 4، 5، 6، 8، 9، اور11 کےتحت معلومات شامل ہوسکتی ہیں۔↩

12. www.gov.uk/contempt-of-court↩

13. www.nhs.uk/live-well/sexual-health/help-after-rape-and-sexual-assault/↩

14. وٹنس کیئر یونٹ پولیس کی سربراہی میں کی جانے والی کارگزاریوں کوبیان کرنے کا جنرک نام ہے جوایسے مقدمات میں مظلومین اورگواہان کومعلومات اور تعاون مہیا کرتا ہے جوفوجداری نظام انصاف میں آگے بڑھ رہےہوں۔ ہوسکتا ہےآپ کے مقامی علاقے میں یہ کسی اورنام سے جانا جاتا ہو۔ پولیس آپ کواُس یونٹ کا نام بتائے گی جواس کوڈ میں وٹنس کیئریونٹ کے ذمے لگائے گئے حقوق کی فراہمی کرتا ہے↩

15. اس کا اطلاق صرف اُس حد تک ہوتاہےکہ خدمت کے مہیا کنندہ نےجُرم کی فوجداری تفتیش کا انعقاد کرنے کی ذمہ داری قبول کی ہےیا اُس جُرم پرقانونی کاروائی کرنےکا فیصلہ کرنےکےلئے باقاعدہ ذمہ داری قبول کی ہے۔↩

16. یہ یوتھ جسٹس اینڈ کریمینل ایویڈنس ایکٹ 1999 کی دفعہ 16 میں موجود معیار کی بنیاد پر ہے، خصوصی اقدامات کےلئےاہلیت طے کرنے کی غرض سے۔↩

17. اس کوڈ کےتحت عام اضافہ کئےگئے حقوق کےلئے تاہم، یوتھ جسٹس اینڈ کریمینل ایویڈنس ایکٹ 1999 کی دفعہ 16 کےتحت خصوصی اقدامت کا اہل ہونےکےلئے، آپ کو لازمی طور پرسماعت کےوقت پر18 سال سے کم عُمر ہونا چاہیے۔↩

18. یہ یوتھ جسٹس اینڈ کریمینل ایویڈنس ایکٹ 1999 کی دفعہ 16 میں موجود معیار کی بنیاد پر ہے ۔↩

19. اس میں بولا جانے والا اور نہ بولا جانے والا ترجمہ دونوں شامل ہیں، مثال کے طورپر، اگرکوئی مظلوم بہرہ ہے یا اُس کی سماعت کمزور ہے۔↩

20. آپ کوحق حاصل ہے کہ آپ جُرم کی اطلاع کسی ایسی زبان میں دیں جس کوآپ سمجھتےہیں یا ضروری لسانی معاونت کے ساتھ، اگرآپ انگریزی نہیں بولتے۔↩

21. وکٹمز رائٹ ٹو ریویو کی وضاحت کےلئے حق 6 دیکھیں۔↩

22. ویلش لینگویج ایکٹ 1993 کی دفعہ 22(1) مہیا کرتی ہے: " ویلز میں کسی قانونی کاروائیوں میں کسی فریق، گواہ یا دیگرشخص کی طرف سے ویلش زبان بولی جاسکتی ہے جویہ استعمال کرنے کی خواہش رکھتا ہے"۔ مجسٹریٹس کورٹ کی کاروائیوں میں ویلش زبان استعمال کرنے کےلئے کسی پیشگی نوٹس کی ضرورت نہیں۔ تاہم، بعض اوقات ترجمہ کئےجانےکا بندوبست کرنے کےلئےیہ ضروری ہے، اورضروری فراہمیاں کرنےکےلئے ویلش لینگویج یونٹ کو پیشگی نوٹس دیا جائےگا۔↩

23. یوتھ افینڈنگ ٹیم ایک ملٹی ایجنسی ٹیم ہے جو 10 اور17 سال کی عمروں کےدرمیان بچوں کےساتھ کام کرتی ہےجنھوں نے جُرم کا ارتکاب کیا ہےیا جُرم کرنےکےخطرے میں ہوسکتےہیں۔ اُن کو دی گئی ایک مقامی اتھارٹی کی طرف سےمربوط کیا جاتا ہےاوریوتھ جسٹس سسٹم کےحصے کے طورپریوتھ جسٹس بورڈ کی طرف سے نگرانی کی جاتی ہے۔↩

24. www.apccs.police.uk/find-your-pcc/↩

25. www.apccs.police.uk/find-your-pcc/↩

26. یوتھ جسٹس اینڈ کریمینل ایویڈنس ایکٹ 1999 نے اقدامات کا ایک سلسلہ متعارف کرایا جس کو زد پذیر اورخوفزدہ کئے گئےگواہان سے شہادت اکٹھا کرنے اوردینے میں سہولت کےلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اقدامات کو مجموعی طورپر'خصوصی اقدامات' کے طورپر جانا جاتا ہے۔ خصوصی اقدامات گواہی دینے سے متعلقہ کچھ تناؤ سے نجات دلانے میں مدد کرتےہیں اور یہ استغاثہ اوردفاع کے گواہان پر لاگو ہوتےہیں، لیکن مدعاعلیہ پر نہیں۔↩

27. اگرآپ کریمینل انجریز کمپینسیشن اتھارٹی کوکریمینل انجریز معاوضےکےلئے درخواست دینے پرغور کررہےہیں، توآپ کوآگاہ ہونا چاہیےکہ کسی عطائیگی کو تب تک روکے رکھا جائےگا جب تک آپ نےحملہ آور کو جس حد تک معقول طورپر قابل عمل نہ ہو انصاف تک لانے میں تعاون نہ کیا ہو۔↩

28. کریمینل انجریزکمپینسیشن اتھارٹی سےمعاوضہ کےلئے اہلیت کا انحصار آپ کی رہائش یا قومیت پرہوسکتا ہےجب تک آپ کی کسی مناسب حُکام کی طرف سے قطعی طورپرشناخت نہ کی گئی ہو، انسانوں کی اسمگلنگ کا شکارشخص کے طورپریا آپ کوامیگریشن ایکٹ 1971 کی دفعہ 3(2) کےتحت بنائےگئے امیگریشن قوانین کےتحت پناہ عطا نہ کی گئی ہو۔↩

29. غیرمعمولی حالات کی وجہ سےکوئی درخواست پہلے نہیں دی گئی؛ اوراس بات کا ثبوت دستیاب ہےکہ تشدد کا کوئی جُرم واقع ہوا ہے اورکوئی کلیم افسرمزید توسیع پوچھ تاچھ کےبغیر فیصلہ کرسکتا ہے۔↩

30. سوموار – جمعہ, 10:00 بجے صبح – 3:00 بجےدوپہر↩

31. قانونی کاروائی کےمتبادل، جیسا کہ انتباہات، مشروط انتباہات اوربدنظمی کےلئے جُرمانے کے نوٹس، نچلےدرجے کے، اکثر پہلی دفعہ جُرم کے ارتکاب کےساتھ نمٹنےکےلئےمطلوب، جہاں قانونی کاروائی کرنا مفاد عامہ میں نہ ہو۔↩

32. خدمت کے دیگرمہیا کنندگان (اس کوڈ کےصفحہ 8 پردرج فہرست) وضاحت کرتے ہیں کہ اُن کی اپنی اسکیم کےتحت نظرثانی کےلئے کیسےکہا جانا چاہیے↩

33. مظلوم کے نظرثانی کے فیصلوں کا مخصوص طورپرتعلق کاروائی نہ کرنےکےفیصلوں سےہے۔ یہ جُرم کا اندراج کرنےکےفیصلوں کا احاطہ نہیں کرتا یا استفسارات جاری نہ رکھنے کےفیصلوں کا۔↩

34. ایسے مخصوص مقدمات جن میں مظلوم کراؤن پراسیکیوشن سروس سے ملنے کا استحقاق رکھتےہیں وہ ہیں: بچےکےساتھ بدسلوکی؛ جنسی جرائم؛ نسلی مذہبی اشتعال کےنتیجے میں جرائم؛ہوموفوبک یا ٹرانسفوبک عنصر کےساتھ جرائم؛ معذوری کی بنیاد پردشمنی سےمشتعل ہوکرکئےگئے جرائم؛ اورایسے مقدمات جو عمر کی بنیاد پردشمنی سے تحریک کے نتیجے میں ہوں۔ ↩

35. ایسے مقدمات جن میں سوگ میں موجود خاندان کو کراؤن پراسیکیوشن سروس سےملنے کا حق حاصل ہےوہ یہ ہیں: قتل، بلا ارادہ قتل، کارپوریٹ بلاارادہ قتل، فیملیئل ہومیسائیڈ، خطرناک ڈرائیونگ سے موت کا باعث بننا، لاپرواہی سے کی گئی ڈرائیونگ کی وجہ سے موت کا باعث بننا جب شراب نوشی یا منشیات لینے کی وجہ سے ان فٹ ہوں،لاپرواہی یا بےاحتیاطی سےکی گئی ڈرائیونگ کے نتیجے میں موت کا باعث بننا، بغیرلائسنس، ڈسکوالیفائیڈ یا انشورنس کے بغیر، شدت کےساتھ گاڑی لینا جہاں موت واقع ہوئی ہو۔↩

36. ہرمیجسٹیزپلیئرز پرحراست میں موجود اُن مجرمان کےلئے سزا کی کم ازکم مدت پرہائیکورٹ کی طرف سے نظرثانی کی جاسکتی ہےجب مُجرم نے اپنی اصل سزا کی آدھی مدت گزارلی ہو، مُجرم کی طرف سے کی گئی ترقی اورارتقاء کی روشنی میں۔ یہ اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہےکہ نوجوان لوگ بالغان کی نسبت زیادہ تیزی کےساتھ تبدیل ہوتےہیں، ایک ایسے طریقے سے جوہوسکتا ہےسزا دہی کےوقت پر مکمل طورپر ظاہر نہ رہا ہو۔ مظلومین یا وفات پانے والے مظلوم کےخاندان کےافراد ہائی کورٹ میں وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ جمع کراسکتےہیں۔↩

37. وٹنس کیئریونٹ کوئی وضاحت پیش کرنےکےقابل نہیں ہوگا اگرمجرم کوجیوری کی طرف سے قصوروار نہیں پایا جاتا، کیونکہ جیوری کےلئے اپنے فیصلے کی وجوہات مہیا کرنا ضروری نہیں ہے۔↩

38. کراؤن پراسیکیوشن سروس اٹارنی جنرل سے بھی رابطہ کرسکتی ہےاگروہ سزا کےبارےمیں کوئی خدشات رکھتےہوں۔↩

39. اٹارنی جنرل کراؤن کےلئے چیف لیگل ایڈوائزر ہےاورعوامی مفاد کے متعدد آزاد افعال رکھتا ہے، لاء آفیسرز ڈیپارٹمنٹ کی نگرانی کرنےسمیت۔↩

40. کوئی سزا 'ناجائزطورپرنرم' ہےاگریہ سزاؤں کےمعمول کےسلسلے سے باہرہےجس کو جج معقول طورپر مناسب سمجھ چُکا ہوتا۔↩

41. اگرآپ اپنا وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ پیرول بورڈ پینل کو پیش کرنےکےلئے کسی جیل میں جاتےہیں توآپ پیرول بورڈ سے بعض اخراجات کا کلیم کرنےکےاہل ہیں، مثلاً، سفرکےلئے، یا ریفریشمنٹس اور کھانوں کےلئے۔ آپ کا وکٹم لائیزان افسرآپ کی مدد کرنےکےقابل ہوگا اگرآپ ان اخراجات کےلئے کلیم کرنےکےبارےمیں کوئی سوالات رکھتےہیں۔↩

42. خدمت کے دیگرمہیا کنندگان جوکسی جُرم پر کاروائی کرنےکےذمہ دارہیں، اُنہیں لازمی طورپر قوانین رکھنا چاہیے جن کے تحت مظلومین اُن اخراجات کی ادائیگی کا امکان رکھتےہوں جو گواہی دینےکےلئےعدالت میں حاضر ہونےکی وجہ سےہوئےہیں۔↩

43. جیسا کہ ڈومیسٹک وائلنس، کرائم اینڈ وکٹمز ایکٹ 2004 کی دفعہ 45(2) میں تشریح کی گئی ہے۔↩

44. اس معاملے میں جیل کا مطلب کوئی ایسی جگہ ہےجہاں کوئی شخص حراست میں رکھے جانے کا مستوجب ہے، بشمول مثال کے طورپرایک ینگ افینڈرز انسٹی ٹیوشن↩

45. کسی مریض پر پابندیاں عائد کی جائیں گی اگرعدالت سمھتی ہےکہ یہ دوسروں کو سنگین ضرر سے محفوظ رکھنےکےلئے ضروری ہے۔ سیکرٹری آف اسٹیٹ 'پابند کئےگئے مریضان' کےانتظام میں ملوث ہیں۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ سیکرٹری آف اسٹیٹ مُجرم کی بحالی کےبارےمیں فیصلے کرے گا۔ 'غیرپابند مریضان' کا انتظام معالجین،اورہسپتال کےانتظام کرنے والوں کی طرف سے کیا جاتا ہے۔↩

46. قیدیوں کی اکثریت کو پیرول بورڈ کی کسی شمولیت کےبغیر خودبخود ہی رہا کردیا جاتا ہے۔ قیدی کے اہم درجات جن کا رہائی کے لئے موزوں ہونے پرغورکرنےکےلئے پیرول بورڈ ذمہ دارہے وہ ہیں: اے)، توسیع شدہ قطعی سزا والے قیدی جن کو اُن کی سزا کی ایک مخصوص مدت حراست میں گزارنے کے بعد لائسنس پر رہا کیا جاسکتا ہے، بی) غیرقطعی سزا والے قیدی جیسا کہ وہ جوتحفظ عامہ کےلئے عمر بھر کی قید گزار رہےہیں، اورسی)عام قطعی سزا والے قیدی جن کولائسنس کی شرائط کی خلاف ورزی کرنےکے بعد حراست میں واپس بُلایا گیا ہے۔↩

47. مثال کےطورپر، جہاں یہ کسی کو - مُجرم، مظلوم یا دیگرشخص کو، خطرےمیں ڈال سکتا ہے۔↩

48. https://www.gov.uk/guidance/challenge-a-parole-decision↩

49. غیرمعمولی حالات میں اس مدت کو کم کرنےکےلئےدرخواستیں دی جاسکتی ہیں، اگرایسا واقع ہوتا ہےتو مظلومین کو مطلع کیا جائےگا۔↩

50. جیل کی ایک قطعی سزا وقت کی ایک مقررہ مدت کےلئے ہے۔ قیدی سزا کی پہلی آدھی یا دوتہائی مدت (سزا اورجُرم کی مجموعی طوالت پرانحصار کرتےہوئے) جیل میں گزارے گااورباقی کا حصہ معاشرے میں 'لائسنس' پرگزارے گا۔ اگروہ لائسنس کی شرائط کی خلاف ورزی کرتا ہے، مثال کے طورپر وہ کمتردرجے کے رویے کا مظاہرہ کرتا ہےجو اُس کےخطرے کو بڑھا دیتا ہے تواُسے اپنی سزا کی بقایا مدت گزارنےکےلئے جیل میں واپس بلایا جاسکتا ہے۔↩

51. پروبیشن انسٹرکشن 2014/15 'مزید سنگین جرائم کےلئے نوٹیفکیشن اورنظرثانی کےطریقہ کاران' (جیسا کہ وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاتی ہے) کے ضمیمہ C میں درج فہرست کیا گیا ایک جُرم۔ یہ سب اس وقت سنگین پُرتشدد یا جنسی جرائم ہیں جو زیادہ سےزیادہ 14سال قید یا ایک غیرقطعی سزا کا باعث ہوتےہیں۔↩

52. خدمت کے مہیاکنندگان کو لازمی طورپرشکایات کا واضح طورپر شناخت شدہ طریقہ کاررکھنا چاہیے جس کےذریعےمظلومین شکایت کرسکیں اگراس کوڈ کےتحت اُن کےحقوق پورے نہیں ہوئے۔↩

53. سوموار – جمعرات 8.30 بجےصبح - 5.00 بجے شام اور جمعہ, 8.30 بجے صبح – 12:00 بجے دوپہر↩